Senator Mian Raza Rabbani: Thank you Mr. Chairman! I was unaware of the fact that tomorrow you will not be presiding over the House and I am thankful to the honourable Senator from Sindh for having pointed that….. out. I would like to take this opportunity of on behalf of the Pakistan Peoples Party and on behalf of the Opposition of conveying our deepest gratitude to you and to say that the period of 3 years that you presided over this House was indeed exemplary.

آگے جاری-----------------T07

T07-10MAR2015---ASHFAQ/ED.ALTAF---11.40AM

Contd………..Senator Mian Raza Rabbani………

Although you belong to a particular political party but your conduct in the House and from the Chair which you are now occupying, was exemplary and I think that neither the Treasury Benches had any reason or excuse to be able to question your behaviour although at times, we in the Opposition thought that we are getting a bit of rough deal but I would nonetheless say that your period in terms of maintaining decorum and discipline in the House, your period in terms of showing your concern, friendship, love and affection for all Members across the board have

been exemplary. I am sure the House will miss you and I hope that when next elections are due in 2018, your and our party is in a position to return you to back to the Senate so that you could continue to make your contribution as a legislator. I would like to wish you all the best in the days ahead. Thank you sir.

Mr. Chairman: Thank you. Leader of the House or Leader of the Opposition can speak first. I think, like both. Yes, Leader of the Opposition.

سینیٹر اعتزاز احسن: جناب چیئر مین! میں آپ کا بڑا مشکور ہوں۔ ہمارا حقیقت میں آپ کے بارے میں گفتگو کرنے کا ارادہ کل تھا، سچی بات یہ ہے۔ آج شاہ صاحب نے جو انکشاف کیا ہے، میں سمجھتا ہوں کہ اس کے باعث یقیناً کچھ دوست اپنے خیالات کا اظہار کرنا چاہیں گے کیونکہ آپ کے ساتھ اس ایوان کے گزشتہ تین سال کی رفاقت رہی ہے۔ آپ نے بڑے معتبر انداز اور بڑے پروقار انداز سے نہ صرف اپنا قد اور اپنی عزت میں اضافہ کیا ہے۔ آپ نے جس کردار اور طریقہ کار سے جس طرح ایوان کی کارروائی چلائی ہے اور آپ نے جس طرح سینیٹ کے اجلاسوں کی صدارت کی ہے، اس سے نہ صرف آپ کی اپنی عزت بڑھی ہے بلکہ یقیناً اس ایوان کی عزت اور وقار میں اضافہ ہوا ہے اور یہ آپ کا خاص ملکہ رہا ہے۔ آپ پاکستان پیپلز پارٹی کے ایک بہت اہم قائد رہے اور قائدین میں سے رہے ہیں۔ آپ محترمہ بے نظیر بھٹو شہید کے معتمد اور قریب ترین ساتھیوں میں سے تھے، انہی نے آپ کو مختلف ادوار اور انتخابات میں حصہ لینے کے لیے پاکستان پیپلز پارٹی کا ٹکٹ دیا اور بڑی معتبر، محترم اور ذمہ داری کی جگہوں پر آپ کو بٹھایا اور عہدوں کے لیے نامزد کیا۔ آپ جب چیئر مین بنے جو اعلیٰ ترین پارلیمانی روایت ہے، آپ کا پاکستان پیپلز پارٹی سے رشتہ ٹوٹ گیا لیکن ہم جانتے ہیں کہ آپ کے خون، رگوں اور سرشت میں پاکستان پیپلز پارٹی کے ساتھ وابستگی ہے، یقیناً وہ موجود رہی ہو گی لیکن آپ اس کرسی پر جس عہدے سے بیٹھے، آپ نے اس پر بیٹھ کر غیر جانبداری سے اپنے فرائض کو نبھایا جس کا تقاضا یہ بڑا اہم عہدہ پاکستان کے آئینی ڈھانچے میں کرتا تھا۔ اب ہم پرسوں کے بعد آپ کو پاکستان پیپلز پارٹی میں welcome کریں گے اور یقیناً پاکستان پیپلز پارٹی کی طاقت اور صلاحیتوں میں اضافہ ہو گا اور پاکستان پیپلز پارٹی کے ورکر اور کارکن کو پھر ایک اعتماد ملے گا کہ آپ جیسی شخصیت ہم میں دوبارہ واپس آ گئی ہے۔ آپ کے اس میعاد سے ختم ہو جانے سے اس ایوان کو نقصان ضرور ہو گا۔ ہم امید کرتے اور یقین رکھتے ہیں کہ آپ کی جگہ ہماری نگاہ میں جو صاحب تشریف لا سکتے ہیں اور امید کرتے ہیں اور دعا کرتے ہیں کہ وہ تشریف لائیں۔ ان میں صلاحیتیں ہوں گی کہ آپ کی روایات کو برقرار رکھ سکیں۔

جناب چیئر مین! آپ نے تین سال اس ایوان کی جو سربراہی کی ہے، میں اس پر آپ کو مبارکباد دیتا ہوں اور آپ کا ایک نیا سفر شروع ہو گا لیکن آپ کی زندگی کے یہ تین سال سنہری ترین سال تھے، آپ بھی سوچا کریں گے کہ آپ کے سامنے یہ جو سب چہرے بیٹھے ہیں، یہ آپ کی کمی کو

محسوس بھی کریں گے، آپ کی یاد کو خوشگوار طریقے سے اپنائے بھی رکھیں گے۔ جو چہرے بیٹھے ہیں، ان کے ذہنوں اور چہروں پر کچھ تھوڑی سی افسردگی ہے تو وہ اس کے باعث ہے کہ یہ سب کے سب، سارا ایوان اور ہر شخص آپ کی عزت کرتا ہے اور اس بات کا معترف ہے کہ آپ نے اس ایوان کی عزت اور وقار کو بڑھایا ہے۔ ہم سب آپ کے مستقبل کے لیے دعا گو ہیں۔ آپ کا بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: جناب! آپ کا شکریہ۔ جی قائد ایوان راجہ ظفر الحق صاحب۔

سینیٹر راجہ محمد ظفر الحق (قائد ایوان): بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! میری خواہش تھی کہ میری طرف سے کل جو عشائیہ کی دعوت سینیٹ کے ارکان کی خدمت میں دی گئی تھی، اس دوران میں اپنے خیالات کا اظہار کرتا لیکن شاید آپ کسی اور مجبوری کی وجہ سے تشریف نہیں لا سکے، اس لیے میں نے اس کو آج ہی کے لیے موخر کر دیا تھا۔ سید مظفر حسین شاہ صاحب نے اس معاملے کو اپنے اخلاص کے ساتھ اور initiative لے کر آپ کے بارے میں جو الفاظ استعمال کئے ہیں، میں نہ صرف ان کی تائید کرتا ہوں بلکہ میں آپ کے بارے میں یہ کہوں گا کہ آپ کے اپنے کردار اور اپنی عظمت کی وجہ سے جوں جوں وقت گزرتا گیا، آپ کی شخصیت کے خوشگوار اثرات کا ارکان سینیٹ کے اندر اضافہ ہوتا رہا۔ یہ کام کوئی آسان کام نہیں ہے، اگر اتنا ہی آسان ہوتا تو سارے کر لیتے۔ مجھے یہ بات کہنی چاہیے یا نہیں کہنی چاہیے لیکن میں یہ سوچ رہا تھا اور میں ذہن میں یہ خیال کر رہا تھا کہ آپ کو لازمی طور پر ایک موقع اور دیا جاتا خواہ یہ پارٹی کا فیصلہ تھا یا آپ کا اپنا فیصلہ تھا لیکن ہمارا یہ خیال تھا کہ آپ کو ایک اور موقع ملتا کہ آپ اس ایوان کی قیادت فرماتے۔ ہم ان traditions کو جو آپ نے شروع کی ہیں کہ جس پارٹی نے آپ کو منتخب کیا تھا، اگر وہ ساری پارٹی باہر نکل چلی جاتی ہے اور یہاں اجلاس میں بیٹھنے کے بجائے، وہ باہر اجلاس میں تشریف رکھتے ہیں اور وہاں پر سینیٹ کا اجلاس کرتے ہیں۔ آپ سے پوچھا جاتا تھا کہ وہ اجلاس درست ہے یا یہ اجلاس درست ہے تو یہ کوئی آسان سوال نہیں تھا، آپ کے لیے اس کا جواب بھی کوئی آسان نہیں تھا لیکن اس میں کوئی شک نہیں ہے۔ آپ نے ہمیشہ اس ایوان کے وقار کو، اس کے rules کو اور اس کی جو شاندار روایات ہیں، آپ نے ان کو سامنے رکھا اور آپ نے ہر pressure کو ایک طرف رکھ کر اپنے وہ فیصلے دیے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔آ گے۔۔۔۔۔۔۔۔۔T08

T08-10MAR2015 FURQAN[ED.ZAFAR] 11:50P.M.

سینیٹر راجہ محمد ظفر الحق (جاری) آپ نے ہر pressure کو ایک طرف رکھ کر وہ فیصلے دیئے جن کی مثال میرے خیال میں بعد میں کسی کو پیش کرنی بہت مشکل ہو گی۔ آپ نے ہمیشہ اخلاق، مروت اور دیانتداری سے کام لیا، اس میں کوئی شک نہیں کہ میں ان چھ سالوں میں کبھی سینیٹ کے کسی delegation کے ساتھ باہر نہیں گیا لیکن اس میں بھی کوئی شک نہیں کہ آپ نے کئی بار مجھ سے پوچھا کہ فلاں جگہ delegation جا رہا ہے،

آپ جائیں گے اور میں نے کہا کہ نہیں، میں معذرت خواہ ہوں۔اس کی وجوہات خواہ کچھ بھی ہوں لیکن آپ کی طرف سے ہمیشہ اخلاقی برتری کا ثبوت دیا گیا۔اگر حزب اختلاف میں سے کسی رکن نے کوئی ایسی بات کہی جو آپ نے مناسب نہیں سمجھی تو آپ نے اس کے ساتھ وہی سختی کی جو حکومت کی طرف سے کسی کے بات کرنے پر کی۔آپ نے ہمیشہ سب کو accommodate کیا،اگر پانچ منٹ بات کرنے کا فیصلہ ہوا اور وہ بات زیادہ لمبی ہو گئی یا اس نے یہ سمجھا کہ اسے اور بات کرنی چاہیے تو آپ نے اس کو بھی accommodate کیا۔ یہ spirit of accommodation بذات خود ایک بہت بڑی equity سمجھی جاتی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ایک دوسرے کا لحاظ اور خیال کرنا بنیادی طور پر اسلام کی عظیم روایات ہیں، قرآن حکیم میں ہے کہ اگر کسی کے ساتھ آپ کے تعلقات ہوں یا نہ ہوں تو اس کے باوجود (عربی) ایک دوسرے کے ساتھ مروت اور احترام میں کبھی فرق نہ لاؤ، اسے مت بھولو۔یہی اصل انسانی تعلقات کی بنیاد ہونی چاہیے۔ ہم نے دیکھا کہ یہاں پر لوگ فوراً گرم بھی ہو جایا کرتے تھے، ذرا ذرا سی بات پر باہر چلے جاتے تھے، آپ کے بارے میں کوئی remarks بھی دے دیتے تھے لیکن آپ نے یہی کہا کہ ان کو واپس لائیں تاکہ یہ سلسلہ آگے بڑھتا رہے۔

یہ کوئی معمولی باتیں نہیں ہیں، تنقید کرنے میں ہمارا معاشرہ بہت آگے ہوتا ہے، ذرا دیر نہیں کرتا۔آج تین سال کے بعد ہم آپ کے بارے میں بات کرنے کی گنجائش پاتے ہیں، ہمیں اس بات کا اعتراف ہے کہ بعض اراکین کی طرف سے بسا اوقات تھوڑی زیادتی بھی ہو جایا کرتی تھی لیکن آپ نے کسی کے احترام یا اعزاز میں کبھی کوئی ایسی بات نہیں کی کہ جس سے اسے دکھ ہوا ہو۔آج ایک کامیاب چیئرمین کی حیثیت سے آپ اس کرسی کو چھوڑ رہے ہیں اور ہر آدمی یقیناً ایک طویل عرصے تک آپ کی مثال کو سامنے رکھ کر آئندہ اجلاس چلانے کی کوشش کرے گا۔ میں آپ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔افراسیاب خٹک صاحب۔

سینیٹر افراسیاب خٹک: شکریہ۔ جناب چیئرمین! میں بھی عوامی نیشنل پارٹی اور اپوزیشن کے دوسرے ساتھیوں کے ساتھ اپنی آواز ملاتے ہوئے آپ کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرنا چاہتا ہوں۔ میں سمجھتا ہوں کہ آپ کا جو طریقہ کار رہا اس کی اہم خصوصیت یہ تھی کہ آپ نے ایک جانب تو قومی اور ملکی مفادات کے focus کو برقرار رکھا تو دوسری جانب آپ نے social, ethnic and social diversity کو بھی مدنظر رکھا، آپ کی ایک dialectical approach رہی ہے جس کی وجہ سے یہ ایوان خوش اسلوبی سے چلا۔PIPS کو re-inaugurate کیا، think tank بنایا گیا۔آپ نے بڑے اچھے initiatives لیے، جو میرے خیال میں انشاء اللہ سینیٹ کی پارلیمانی تاریخ

میں باقی رہیں گے اور ان باتوں کو یاد رکھا جائے گا۔ مجھے یقین ہے کہ آنے والے اس پر built کریں گے اور اس سلسلے کو جسے آپ نے شروع کیا آگے بڑھائیں گے۔ افراد اسی طرح ہوتے ہیں، اداروں کو مضبوط ہونا چاہیے، اداروں کے ساتھ ہی بات آگے بڑھے گی، باقی دنیا کے سلسلے تو چلتے رہتے ہیں۔ احمد فراز نے کہا تھا کہ

ہم نہ ہوں گے تو کسی اور کے چرچے ہوں گے

خلقت شہر تو سننے کو فسانے مانگے

جناب والا! میں ایک دو جملے آپ کی اجازت سے پچھلے موضوع پر کہنا چاہوں گا کیونکہ مجھے موقع نہیں ملا تھا، جیسے ہمارے لیڈروں نے کہا اور قرارداد کے بارے میں جو باتیں طے ہوئیں، مجھے اس سے اتفاق ہے۔ میں اس پر بات نہیں کرنا چاہتا لیکن میں generally پارلیمان کے بارے میں بات کرنا چاہتا ہوں کہ اگر پاکستان کے ریاستی نظام پر نظر رکھی جائے تو پارلیمان ہمارے ایسے ہیں جیسے گھر میں ایک بیوہ کی حیثیت ہوتی ہے، بیوہ کو خاموش رہنا پڑتا ہے اور اسے بہت سی باتیں سننی پڑتی ہیں۔ ہماری پارلیمنٹ بھی ایک soft target ہے، ہر طرف سے اس پر حملہ ہوتا ہے اور صبر کرنا پارلیمنٹ کا کام ہے، کسی اور ادارے کا کام نہیں ہے۔ آپ دیکھیں کہ 2010 میں اٹھارہویں ترمیم pass ہوئی لیکن وہ ابھی تک زیر سماعت ہے، اس کا فیصلہ نہیں ہوا کہ وہ رہے گی یا نہیں رہے گی۔ ہمارا ادارہ چونکہ حساس ادارہ نہیں ہے اس لیے اس کے بارے میں سب کچھ کہا جا سکتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ پارلیمنٹ کو خود کو assert کرنا ہو گا اور جو ریاستی نظام میں گھر کی بیوہ کی حیثیت ہے اس سے نکلنا ہو گا، اگر ہم نہیں نکلیں گے تو مجھے ڈر ہے کہ Weimar Republic جو جرمنی میں تھی، جو بعد میں fascism کا شکا ہوئی۔ یہ اس Weimar Republic کی نشانیاں ہیں جب پارلیمنٹ خود کو assert نہیں کرتی۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں زیادہ assert کرنا ہے اور جو قانونی بات ہے اس سے مجھے اتفاق ہے لیکن ہمیں کھل کر بات کرنی چاہیے اور اس ملک میں جو اداروں کے بنیادی مسائل ہیں ان پر آئین کی رو سے بات کرنی چاہیے، ایسی back seat نہیں لینی چاہیے کہ جس سے پارلیمنٹ irrelevant ہو جائے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ چوہدری شجاعت حسین صاحب۔

سینیٹر چوہدری شجاعت حسین: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جناب چیئرمین! آپ کو یاد ہو گا کہ سینیٹ کے چیئرمین بننے سے ڈیڑھ ماہ پہلے میں نے آپ سے کہا تھا کہ اس ہاؤس میں آپ جیسا آدمی چیئرمین ہونا چاہیے۔ اللہ تعالیٰ کا بڑا فضل ہے کہ آپ چیئرمین بنے۔ آپ کا تعلق پیپلز پارٹی سے ہے لیکن یقین جانیئے ان تین سالوں میں کسی نے بھی یہ نہیں کہا کہ یہ پیپلز پارٹی کا آدمی ہے اور جانبدار ہے۔ مجھے امید ہے کہ آنے والے چیئرمین انشاء

اللہ میاں رضا ربانی صاحب ہوں گے اور وہ آپ کی روایت کو قائم رکھتے ہوئے اسی طرح کام کریں گے۔ میں آپ کا بہت مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے بھی بہت عزت دی، اپوزیشن اور حکومتی اراکین کے ساتھ آپ نے یکساں سلوک روا رکھا۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: کرنل طاہر حسین مشہدی:

Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi: Mr. Chairman, I also add my voice on behalf of Mutehda Quomi Movement. Your services to this August House will always be remembered. You will be remembered for your simplicity, passions, compassions, justice, fairness and for your soft love and affections, you had for each and every member of this House. You were fair to such a degree that sometimes you had to face flak even from your own party because you gave us the opportunity to speak, especially the smaller parties, who are usually ignored. You are just with us, as you were just with everyone else in all aspects. Your sterling qualities of leadership were very visible during your tenure. Your tenure is dynamic move forward for this August House. You took an active interest .....

(Cont….T09)

T-09MARCH10, 2015. Tariq/Ed. Mr. Mubashir. 12.00 pm.

Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi……..(continue)….we can only hope that it continues. You brought it into the form of Parliamentary life, the old parliamentarians, the old senators, their collective wisdom which was being wasted, you have broad it back into the think tank. That is a great achievement that you are leaving behind. Your presidentship of the Asian Parliamentary Assembly is again one of the dynamic movement forward. Your efforts, your brainchild will benefit the people of Asia. I am sure what you have started will be continued for making an Asian Parliament just like the European Union, if the Americans can have it, if Europe can have it, Africa can have it as you said why can't Asia have it. You are turning a dream into reality. Your contribution to this

House is ammense not only because of your knowledge of the Rules and their application in a very fair manner, but Parliaments run not only on Rules, they run on traditions, on usages, on customs and I think that you have set a very very high standard. This House, Senate of Pakistan has built itself into a lasting institution, because of the customs the traditions that we have established here. Your own personality, you carry yourself and you carried the exhorted post of Chairman with great dignity and you will be remembered for your kindness, you will be remembered for your dynamic approach, you will be remembered for your justice, you will be remembered for your service and another thing that which you have started and which will be a legacy that you leave behind is that you wanted to broadcast the proceedings of this House alive. You have already set everything in motion, all it needs now this continuity and I am sure that incoming Chairman whoever it may be, it will be very difficult to follow your footsteps, but I am sure that he, with his wisdom, will continue the very very good institutional making measures that you have taken to strengthen this House and to ensure justice amongst the Members of this House. We will remember you for your kindness and your grace, for your dignity and for your humanity. Thank you very much sir.

Mr. Chairman: Thank you. Senator Malik Muhammad Rafiq Rajwana Sahib.

سینیٹر ملک محمد رفیق رجوانہ: میں سوچ رہا تھا کہ ایوان کا ماحول بڑا جذباتی ہوتا جا رہا ہے، محبت سے مغلوب جذبات ہیں اور معزز اراکین اپنے اپنے جذبات کا اظہار بھی کر رہے ہیں اور وقت کی کمی بھی ہے۔ میں اپنے حوالے سے دو چار باتیں گزارش کروں گا کہ میرا اس ایوان میں یہ دوسرا tenure ہے اس سے پہلے جب جنرل مشرف کا take over ہوا تو اس وقت بھی میں اس ایوان کا رکن تھا اور اس House میں میں نے بہت کچھ سیکھا۔ اس وقت اس ایوان میں چوہدری اعتزاز احسن صاحب، وسیم سجاد صاحب اور میاں رضا ربانی صاحب جیسی قدآور شخصیات تھیں۔ It was my new experience اور اس کے بعد اس مرتبہ میں اس ایوان میں آیا، آج تین سالوں کے بعد جو ہمارے دوست retire ہو رہے ہیں تو ہم نے اپنے آپ کو اگلے تین سالوں میں جانے کے لیے ابھی سے mentally تیار کرنا شروع کر دیا ہے۔ ان کے جذبات بھی ہمارے سامنے ہیں۔

جناب چیئرمین! آپ نے پچھلے تین سالوں میں جس طرح سے اس ایوان کو چلایا، آپ نے اس کے تقدس کو بڑھایا اور برقرار رکھا، کسی کو یہ احساس نہیں ہوا کہ آپ کا کسی کی طرف کوئی جھکاؤ ہے and you have conducted the House in a graceful and matured manner اور ہم نے آپ سے بہت کچھ سیکھا۔ تدبر، patience اور ہر حالت میں مسکرانا۔ آپ نے اس House کو rules کے تحت in the four corners of the Constitution and the rules چلایا۔ میری آپ سے اسی حوالے سے ذاتی نیاز مندی بھی ہے اور بڑا مزہ آتا ہے جب بھی ملاقات ہوتی ہے۔ آپ نے بطور چیئرمین جو Asian Parliament Assembly کا concept دیا اس کے بعد آپ اس کے President منتخب ہوئے اور جس طرح سے آپ نے ہم لوگوں کو آگے آنے کا موقع دیا، جس طرح سے آپ نے اس ایوان کے معزز اراکین کو آگے آنے اور آگے بڑھنے کا موقع دیا وہ شاید مشکل سے ہی کسی وقت نصیب ہوتا ہے۔ Leader of the House راجہ ظفر الحق صاحب جن سے ہم بڑی guidance لیتے ہیں، ہمارے لیے مشعل راہ بھی ہیں انہوں نے بہت اچھے جذبات کا اظہار کیا۔ میں ابھی آپ کے پاس آپ کے Chamber میں بیٹھا ہوا تھا کہ kindly remain associated with this House outside the House آپ ہمارے دل و دماغ میں اسی طرح سے رہیں گے جیسے آپ آج ہیں اور ہمیشہ رہیں گے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس ایوان کا جو تقدس ہے being the Senate of Pakistan یہاں پر debate کا جو level ہے وہ ماشاء اللہ بہت اچھا ہے اور جہاں میں اپنے جذبات کا اظہار آپ کے بارے میں کر رہا ہوں وہاں میں جانے والے دوستوں کے بارے میں نہ کروں تو میرا خیال ہے کہ یہ میری طرف سے کنجوسی بھی ہو گی۔ جانے والے دوستوں کے بارے میں میری یہ رائے ہے کہ انہوں نے اس House کو بڑا live رکھا۔ زاہد خان صاحب، حاجی عدیل صاحب، کاظم خان صاحب اور کافی سارے میرے بہت اچھے دوست ہیں اور بڑا اچھا تعلق ہے ان کو ہم یاد رکھیں گے انہوں نے بہت خوبصورت انداز سے اپنے اپنے صوبے کی نمائندگی کی، وفاق کی نمائندگی بھی کی اور opposition کا کردار بھی ادا کیا۔ یہ اور بات ہے کہ جب ہماری طرف تھے تو ہم یہ کردار ادا کرتے تھے، یہ وقت وقت کی بات ہے۔ بہر حال ہم ان سب دوستوں کو یاد کریں گے۔ مولا بخش چانڈیو صاحب ہمارے دوست ہیں بہت سی نامور شخصیات ہیں جن سے ہم نے راہنمائی حاصل کی۔

جناب چیئرمین! میں آخر میں یہی گزارش کروں گا کہ دیکھنے کو تو آپ اس House سے جدا ہو رہے ہیں مگر آپ دلوں اور ذہنوں سے جدا نہیں ہیں۔ ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ آپ کا حامی و ناصر ہو، اللہ تعالیٰ آپ کو اور تمام جانے والے دوستوں کو صحت کاملہ عطا کرے، درازی زندگی ہو، اللہ تعالیٰ ان کے خاندانوں کو آباد کرے۔ آپ کی اور ان کی guidance سے ہم مستفید ہوتے رہیں۔ دل تو نہیں کرتا کہ میں آپ کو رخصت کروں مگر انہی الفاظ کے ساتھ ہم اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے آپ کو دعاؤں کے ساتھ رخصت تو نہیں کرنا چاہتے مگر ہم یہ کہنا چاہتے ہیں کہ آپ

کی یادیں ہمارے دلوں میں رہیں گی، انشاءاللہ we will be looking forward to see your kind guidance and will be definitely cherishing the memories of these three years which we have spent in your leadership. Thank you very much.

Mr. Chairman: Thank you very much. Senator Dr. Abdul Qayyum Soomro Sahib.

سینیٹر ڈاکٹر عبدالقیوم سومرو: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ کسی نے سچ کہا ہے کہ تیرے جانے کے بعد تیری یاد آئے گی۔ جناب چیئرمین صاحب! جتنے دوستوں نے آپ کے بارے میں باتیں کیں، بالکل سچ پر مبنی تھیں اور واقعی آپ ان باتوں کے مستحق ہیں۔ آپ کا کردار تاریخی رہا ہے۔ گو کہ مجھے خود اس ایوان میں بطور رکن اتنا زیادہ عرصہ نہیں ہوا ہے لیکن اس تھوڑے عرصے میں میرا آپ کے ساتھ بہت اچھا وقت گزرا ہے۔ میں آپ کو ایک بات واضح طور پر بتانا چاہتا ہوں کہ انسان کسی کی کمی پوری نہیں کر سکتا، لیکن جناب چیئرمین! پاکستان پیپلز پارٹی کی طرف سے جو تاریخ ساز فیصلے کئے گئے تھے۔۔۔۔(جاری T-10)

T10-10Mar2015 Rafaqat Waheed/Ed: Mohsin Zaidi 12:10 noon

سینیٹر ڈاکٹر عبدالقیوم سومرو: (جاری) جناب چیئرمین! پاکستان پیپلز پارٹی کی طرف سے تاریخ ساز فیصلے کیے گئے۔ جب نیشنل اسمبلی کے سپیکر کے عہدے کے لیے محترمہ فہمیدہ مرزا کو نامزد کیا گیا تو یہ ایک تاریخی واقعہ تھا۔ پاکستان میں کوئی ایسا سیاستدان نہیں تھا جس نے اس فیصلے کو خوش آمدید نہ کہا ہو۔ تاریخ نے یہ ثابت کر کے دکھا دیا کہ وہ فیصلہ آج تک کے خوبصورت فیصلوں میں سے ایک خوبصورت فیصلہ تھا۔ اسی طرح آپ کا چیئرمین ہونا بھی اس فیصلے کی continuity تھی جس کا credit شریک چیئرمین، پاکستان پیپلز پارٹی اور سابقہ صدرِ پاکستان، جناب آصف علی زرداری صاحب کو جاتا ہے۔ انہوں نے ہمیشہ تاریخی فیصلے کیے ہیں اور ان فیصلوں کے پیچھے اپوزیشن کی تمام جماعتوں کی تائید شامل رہی ہے۔

جناب چیئرمین! میں نے بہت سی باتیں کرنی ہیں، اب یہ آپ پر منحصر ہے کہ آپ مجھے کتنا ٹائم دے سکتے ہیں کیونکہ آج شاید یہ میری آخری تقریر ہو، اس کے بعد شاید میں اپنی تقریر اس ہال میں نہ کر سکوں۔ میرے جتنے بھی دوست ریٹائر ہو رہے ہیں، ان کے لیے بھی میرے وہی الفاظ ہیں کہ وہ بہت اچھے لوگ ہیں۔ انہوں نے جمہوریت کی بہت خدمت کی اور اپنا تاریخی کردار ادا کیا ہے۔

اس کے ساتھ ساتھ، میں ڈپٹی چیئرمین، صابر بلوچ صاحب کا ذکر کرنا بھی ضروری سمجھتا ہوں گو کہ وہ اس وقت یہاں موجود نہیں ہیں۔ آپ کی غیر موجودگی میں انہوں نے بہت اچھا کردار ادا کیا جو کہ قابل تعریف ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ میں اپنے ایک دوست یوسف بادینی صاحب کا

ذکر بھی کروں گا، وہ ابھی تھوڑی دیر پہلے یہاں تشریف لائے تھے۔ میں انہیں welcome کرتا ہوں کہ انہوں نے اپنے ضمیر کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کی۔ وہ بحیثیت آزاد امیدوار منتخب ہوئے لیکن پاکستان پیپلز پارٹی کے منشور اور اس کی قیادت پر ان کا یقین تھا، اسی وجہ سے انہوں نے پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کی۔

جناب چیئرمین! آپ کے جانے کے بعد انشاء اللہ تعالیٰ، مجھے یقین ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی ایک مناسب بندے کو یہاں لے کر آنا چاہتی ہے۔ پیپلز پارٹی کی پھولوں کی ٹوکری میں جو خوبصورت پھول تھا، وہ آصف علی زرداری صاحب نے پیش کر کے پارلیمنٹ کے سامنے رکھ دیا ہے۔ اس سے بہتر آدمی پارلیمنٹ کے حوالے سے میں نہیں سمجھتا کہ کوئی اور ہو سکتا ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی اپنا تیسرا فیصلہ کرنے جا رہی ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ، آپ کے بعد آپ کی سیٹ پر اور اس ایوان کی عزت کو مزید بڑھانے کے لیے، اس ایوان کی عزت میں اور اضافے کے لیے جناب رضا ربانی صاحب، انشاء اللہ اس کے اگلے چیئرمین ہوں گے۔ یہ تمام جمہوری قوتوں اور لوگوں کی فتح ہو گی کہ جب ان کا چیئرمین، ایک ایسا آدمی ہو گا جس کی پوری زندگی، جس کی پوری commitment جمہوریت کے ساتھ رہی ہے۔ کبھی کبھار صدر آصف علی زرداری صاحب مذاقاً کہتے رہتے ہیں کہ جناب رضا ربانی صاحب! آپ بعض اوقات جمہوریت سے زیادہ جمہوری بن جاتے ہیں۔ ہم ایسے آدمی کو انشاء اللہ تعالیٰ، اپوزیشن کے تعاون سے چیئرمین لے کر آ رہے ہیں۔ تمام political allies ہمارے ساتھ ہیں، انہوں نے ہر مشکل وقت میں پاکستان پیپلز پارٹی کا ساتھ دیا ہے، نہ صرف پاکستان پیپلز پارٹی کا ساتھ دیا ہے بلکہ جمہوریت کا ساتھ دیا ہے اور جمہوریت کی تقویت کے لیے انہوں نے ہمیشہ قربانیاں دی ہیں۔ اس سلسلے میں رات کو فیصلہ ہوا ہے اور انشاء اللہ، تمام political forces کا ایک متفقہ فیصلہ پاکستان کی بہتری کے لیے ایک اچھی مثال قائم کرے گا۔ میں اس ایوان کے توسط سے حکومت اور اپوزیشن سے بھی گزارش کروں گا کہ آپ لوگ بھی جب رضا ربانی صاحب کا نام آ جائے تو سوچ لینا، سمجھ لینا کہ شاید اس سے بہتر آدمی آپ کی طرف بھی نہ ہو۔ ہمیں خوشی ہو گی اگر یہ متفقہ candidate آ جائے، unopposed آ جائے تو یہ پارلیمنٹ کی ایک بہت بڑی خدمت ہو گی کیونکہ ہم تمام جمہوری لوگ ہیں۔ ہم اداروں پر یقین رکھتے ہیں۔ ہم اداروں کو مضبوط کرتے ہیں اور پارلیمنٹ کو مضبوط دیکھنا چاہتے ہیں۔ ہم آئین کی بالادستی چاہتے ہیں اور جمہوریت کی continuity چاہتے ہیں۔ جمہوریت کے استحکام کے لیے ہم سب ایک ہیں۔ ہم سب جمہوریت کے لیے ایک پلیٹ فارم پر اکٹھے ہو کر لڑ سکتے ہیں، اس کے لیے ہر قربانی دے سکتے ہیں لیکن جمہوریت کے علاوہ ہم کوئی اور راستہ قبول کرنے کے لیے کبھی تیار نہیں ہوں گے۔ انہی الفاظ کے ساتھ میں آپ کا شکریہ ادا کروں گا۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ مشاہد حسین سید صاحب۔ بہت سی requests ہیں لیکن میں ہر ایک کو accommodate کرنا چاہ رہا ہوں۔ زاہد خان صاحب! اس کے بعد آپ کو موقع ملے گا۔

## Resolution: Giving a Tribute to Mr. Chairman for his Efforts in Forming Asian Parliamentary Assembly

Senator Mushahid Hussain Sayed: Sir, I want to move a resolution. It is a tribute to your lasting legacy because you are the architect of this vision of the Asian Parliament. The Asian Parliamentary Assembly was formed and then it was your historic vision to transform it into the Asian Parliament. I think this is a very important and lasting legacy. You have conducted two Asian Parliamentary Assemblies. You are the President of the Asian Parliamentary Assembly which includes all the parliaments of Asia.

Now we have taken this initiative under your leadership, from the Senate of Pakistan for a special resolution for the establishment of Asian Parliament. I have had a discussion in this regard with the Leader of the House and Leader of the Opposition. I will, briefly in two or three minutes, read out the resolution:

> "The Senate of Pakistan, taking note of the fact that regional and continental inter-parliamentary bodies had been established in almost all the continents except Asia, whereas, Asia is the largest and most populous continent with a great history, a vibrant present and on the verge of realizing its great economic potential, as 21$^{st}$ Century is being rightly termed as the Asian century.
>
> Acknowledges that the Asian Parliamentary Assembly (APA), currently being the largest parliamentary platform of Asia has been revitalized and galvanized into a more vibrant organization under Pakistan's presidency for the last one and a half year, as two

most successful plenary sessions of Asian Parliamentary Assembly were hosted by Senate of Pakistan besides the Executive Council meetings and the Troika-Plus meetings which had generated a great momentum for further integration of Asian countries' parliaments.

Recognizes that creation of the Asian Parliament, an institutional voice of the Asian Century, would be the ultimate pivot towards effective and mutually reinforcing regional and sub-regional partnerships.

Appreciates the vision of the President of the Asian Parliamentary Assembly, continued efforts of permanent headquarters of the Asian Parliamentary Assembly at Tehran, especially a comprehensive research-based document on the fundamentals of the Asian Parliament and initiatives of the provisional secretariat of the APA which is based at the Senate of Pakistan, resulting in establishment of a Special Committee for the Creation of Asian Parliament (SCCAP).

Unanimously adopts the resolution for establishment of Asian Parliament and urges national parliaments of all Asian countries to adopt similar resolutions besides asking their respective executives to take concrete steps and move at a fast pace for establishment of an Asian Parliament."

Thank you very much.

Mr. Chairman: Thank you. I now put the resolution before the House.

(The resolution was adopted unanimously)

Mr. Chairman: Zahid Khan sahib, as we are running short of time, if you could please confine your statement in a few minutes. Thank you.

سینیٹر محمد زاہد خان: جناب! اس وقت میں تقریر نہیں کروں گا۔ اگر مجھے کل موقع ملا تو کر لوں گا لیکن پچھلے چھ سالوں میں ہم بہت تقریریں کر چکے ہیں۔ چونکہ ہمیں اس کا پتا نہیں تھا، شاہ صاحب چلے گئے، شاہ صاحب نے ایک اچھی بات کی کہ ہمیں پتا چلا کہ کل آپ نہیں ہوں گے۔

(جاری------T11)

T11-10MAR2015 FAZAL\A. Rauf 12:20

سینیٹر محمد زاہد خان جاری ہے--- کل آپ نہیں ہوں گے۔ جناب چیئرمین! ہم اس کے لیے دو تین لفظ استعمال کر رہے ہیں۔ جناب چیئرمین! آپ نے جس طریقے سے اس ہاؤس کو چلایا اور اس ہاؤس میں balance جس طریقے سے رکھا یہ مشکل کام ہے۔ ہم بھی آپ سے لڑے اور خاص کر میں تو بہت زیادہ لڑا ہوں۔ میں اس بات کو admit کرتا ہوں لیکن آپ نے صبر سے کام لیا ہے اور پوری کوشش کی ہے کہ پورے ہاؤس کے ہر ممبر کو وقت ملے اور وہ اپنے خیالات کا اظہار کرے۔ جناب چیئرمین! میں تو آپ کو اس وقت سے جانتا ہوں آپ کو یاد ہو گا کہ 1983 میں جب MRD والی movement against ضیاء الحق جمہوریت چل رہی تھی، تو ہم مری روڈ پر ڈنڈے بھی کھاتے رہے ہیں اور جیلوں میں بھی اکھٹے گئے ہیں اور مجھے افسوس اس بات پر ہے کہ ایک مہینے سے سینیٹ کے لوگوں کی یا ہم جیسے سیاسی کارکنوں کا جو مٹی پلید کی گئی ہے شاید کبھی بھی کسی ملک میں ایسا نہیں ہوا ہے۔ ہم وہ لوگ ہیں کہ ہم نے جیل کی صعوبتیں کاٹی ہیں، جمہوریت کے لیے لڑے ہیں اور میرے خیال میں اس ہاؤس میں جتنے بھی لوگ اس وقت موجود ہیں یہ سارے آپ سمیت سیاسی ورکرز ہیں۔ ہم سیاسی ورکرز ہیں۔ ہم نے اس ملک میں جمہوریت کے لیے جدوجہد کی ہے تاکہ اس ملک کے اندر پارلیمنٹ ہو اور جمہوریت ہو تاکہ اس ملک کے مسائل حل ہوں۔ اس میں آپ کا بھی ایک role ہے اور آپ کو تو میں اپنی طرح ایک سیاسی کارکن اس لیے سمجھ رہا ہوں کہ ہم نے اکھٹے مری روڈ پر جدوجہد کی ہے۔ اب ہو سکتا ہے کہ اگلے جو لوگ آئیں گے شاید ان میں ایسے لوگ نہ ہوں کہ جنھوں نے سیاسی جدوجہد کی ہو لیکن ہمارا ان سے بھی تقاضہ اور توقع ہے کہ اس پارلیمنٹ کا اور خاص کر سینیٹ کا جو تقدس ہے وہ اسی طریقے سے بحال رکھیں گے تاکہ صوبوں کے حقوق کا تحفظ ہو سکے۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جی، محسن لغاری صاحب۔

سینیٹر محمد محسن خان لغاری: جناب چیئرمین! میرے بہت سے ساتھیوں نے مجھ سے بہت بہتر باتیں کر لیں ہیں اور مجھ سے بہت اچھا بولنے والے ہمارے جو senior colleagues ہیں انہوں نے باتیں کر لیں ہیں۔ I agree with every word that was said about you sir. میں ایک چھوٹا سا جملہ کہوں گا۔ It was a pleasure working under you sir. It was a great learning experience اور آپ کی fairness کی میں ایک مثال یہ دوں گا کہ although I am not with any political party and I am an independent member you were very kind to nominate me for the Senate Think-Tank, the Senate Forum for Policy Research کے لیے آپ نے مجھے nominate کیا۔ This speaks volumes for your being fair and not being biased towards anyone. I don’t have anyone to support me sir. I am not with a political party but you were very fair and very kind to me sir. I am personally obliged for that اور میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور میرے جن دوستوں اور بھائیوں نے آپ کے لیے جو باتیں کی ہیں I agree with every single word of them. It was a pleasure sir. اللہ تعالیٰ آپ کو اور زیادہ عزت اور ترقیاں دے۔ Thank you very much.

جناب چیئرمین: شکریہ۔ فرح عاقل صاحبہ۔

سینیٹر فرح عاقل: جناب چیئرمین! سب سے پہلے تو میں آپ کی شکر گزار ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا۔ جیسا کہ farewell کا ماحول بنا ہوا ہے۔ سب ایک دوسرے کو خدا حافظ کہہ رہے ہیں۔ میں بھی تمام colleagues کے ساتھ یہ کہنا چاہوں گی کہ سب سے پہلے آپ کا شکریہ کیونکہ آپ کی position ایسی ہے کہ آپ کو neutral ہو کر چلنا پڑتا ہے۔ سب کو ایک نظر سے دیکھنا ہوتا ہے کہ کسی کو یہ محسوس نہ ہو کہ میرے ساتھ زیادتی ہوئی ہے۔ میں نے ایک دو بار اپنی تقریروں میں mention کیا تھا hope اکہ آپ نے mind نہ کیا ہو کہ آپ خواتین کے ساتھ discriminate کرتے ہیں کیونکہ ہمیں کبھی کبھی ایسے محسوس ہوتا تھا۔ ہم یہاں پر تعداد میں بھی کم ہیں اور ظاہر ہے کہ ہمارے مرد ممبرز زیادہ ہیں تو ہمیں یہ لگتا ہے کہ ہمیں بات کرنے کا کم موقع ملتا ہے مگر اس کے باوجود جناب چیئرمین صاحب! آپ نے اپنی طرف سے پوری کوشش کی۔ یہ ایوان بالا ہے، ہم یہاں پر آتے ہیں اور ہم اپنے آپ کو honourable کہلوانا پسند کرتے ہیں۔ جناب چیئرمین! میں یہ کہنا چاہوں گی کہ ہم لوگوں پر ایک

بڑی بہت ڈیوٹی آجاتی ہے کہ ہم اپنے عمل، action اور اپنے الفاظ سے ensure کریں کہ واقعی ہم اس کے قابل ہیں۔ ایسا نہ ہو جیسا کہ زاہد صاحب بات کر رہے تھے کہ سینیٹ کے بارے میں اس طرح کی باتیں ہو رہی ہیں جو بڑی تکلیف دہ ہوتی ہیں۔ جب ہم گھر جا کر ٹی وی کھول کر بیٹھ جاتے ہیں تو ہم دیکھتے ہیں کہ کبھی گھوڑے اور کبھی گدھے پتا نہیں کہ کن کن چیزوں کے ساتھ ہمیں منسوب کیا جاتا ہے جو کہ ہمارے لیے شرم کی بات ہوتی ہے۔ ہمارا کام ہی قانون سازی ہے مگر ہمارا مسئلہ یہ ہے کہ ان کے اوپر implementation نہیں ہوتی جو کہ میں سمجھتی ہوں کہ یہ ہمارے لیے بہت بڑا لمحہ فکریہ ہے۔ جناب چیئرمین! قومی اسمبلی اور سینیٹ کی جو کمیٹیاں بنی ہوئی ہیں وہ overlap ہو رہی ہیں۔ میں تو یہ تجویز دوں گی کہ اگر یہ ایک ہو جائیں بجائے دو دو کرنے کے، دیکھیں، basic مقصد تو عوام کے مسائل حل کرنا ہے تو وہ اگر joint ہو جائیں تو wastage of time بھی نہیں ہوگا اور مقصد پورا ہو جائے گا کہ جو مسائل ہیں وہ حل کر لیے جائیں۔ جناب چیئرمین! میں اپنی پارٹی کی بہت زیادہ شکر گزار ہوں کہ اس نے مجھے اتنا بڑا اعزاز دیا اور مجھے سینیٹ کا ممبر بنایا۔ میں اتنا بڑا claim نہیں کرتی کہ میں نے یہاں پر بہت بڑے تیر مار لیے ہیں مگر میں نے اپنی طرف سے کوشش کی ہے کہ میں نے اپنی صلاحیت کے مطابق اپنا role اچھے طریقے سے ادا کرنے کی کوشش کی ہے۔ میں ایک بار پھر تمام سینیٹرز کی مشکور ہوں۔ یہاں پر بہت اچھے اچھے سینیٹرز تھے جن سے مجھے بہت کچھ سیکھنے اور سمجھنے کا موقع ملا ہے۔ جناب چیئرمین! میں آپ کا بھی مشکور ہوں کہ آپ نے بڑے اچھے طریقے سے اس ہاؤس کو چلایا۔ Thank you.

Mr. Chairman: Thank you. Yes, Farhatullah Babar sahib.

Senator Farhatullah Babar: Thank you, Mr. Chairman, nothing lasts forever and all good things in life one day come to an end and so, also your Chairmanship of this House has also come to an end today. However, what is important is that while a good thing in your life may have come to an end for you, something best is awaiting you and that is that you will always be remembered with very kind words and for the legacy that you are leaving behind. Mr. Chairman, the legacy of setting up the Senate Forum for Policy Research, it will outlast this Senate, it will outlast you, it will outlast all the coming sessions of the Senate and your legacy to take a giant leap forward for converting the Asian Parliamentary Assembly into the Asian Parliament about which a Resolution was also adopted unanimously will also be

remembered whether you are here or not, whether we are in touch with you or not. It will always be the first and the second line in your bio-data.

Mr. Chairman, you will be remembered as a genuine political worker who rose to the one of the highest constitutional offices of the country and conducted himself with grace, dignity, professionalism and neutrality that is the call of the office.

Mr. Chairman, all that I can say is that in due course of time, from this evening onwards you will be succeeded in this office and you will not be the Chairman, you will be surely succeeded, succeeded you will be but replaced you shall not be because you are irreplaceable. Thank you very much.

جناب چیئر مین: جعفر اقبال صاحب۔

سینیٹر چوہدری محمد جعفر اقبال: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئر مین! میں آج اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہوں کہ میں نے مختصر وقت یہاں سینیٹ میں گزارہ، صرف دو سال مجھے ملے ہیں وہ مجھے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم، پارٹی قائد میاں محمد نواز شریف اور پارٹی کی طرف سے ملے ہیں۔ میری پوری کوشش رہی ہے کہ جو بات پاکستان کے interest میں ہے وہ میں بیان کروں اور جنوبی پنجاب کا آخری ضلع رحیم یار خان ہے جس کی میں نمائندگی کروں۔ ہمیشہ rules اور آئین کی بات کروں۔

(آگے ٹی 12 پر جاری ہے)

T12-10March15 Naeem Bhatti/ED: Mohsin Zaidi 12:30 p.m.

سینیٹر چوہدری محمد جعفر اقبال: (جاری۔۔۔۔۔T/11) ہمیشہ rules اور آئین کی بات کروں جس کا مجھے تھوڑا بہت تجربہ تھا۔ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے تمام ایوانوں کا ممبر بنایا۔ آج سے تیس سال پہلے ضلع کونسل کا ممبر بنا، دو مرتبہ ایم پی اے، دو مرتبہ ایم این اے اور ایک مرتبہ سینیٹ کا ممبر منتخب ہوا۔ جناب والا! آپ کی اور قائد ایوان راجہ محمد ظفر الحق صاحب کی میرے لیے رہنمائی شامل حال رہی، میں آپ کا اور ان کا شکر گزار ہوں۔ میں نئے منتخب ہونے والے ممبران کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد دیتا ہوں اور جو لوگ بچھڑ رہے ہیں، میری دعا ہے کہ ہم اسی طرح ملتے رہیں، جہاں بھی پاکستان کا cause ہو، ہم مل جل کر اس کے لیے کام کرتے رہیں۔

جناب چیئرمین! میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آپ کی قیادت میں جو کچھ سیکھنے کو ملا، میں اسے ہمیشہ یاد رکھوں گا، میری دعا ہے کہ اللہ آپ کو اس منصب کے بعد بھی عزت سے نوازے اور آپ اسی طرح ملک و قوم کی خدمت کرتے رہیں۔ جناب والا! آپ کے بارے میں بھی بات ہوئی اور اپنے بارے میں بھی لیکن یہاں ایک دکھ اور درد اپنے ملک اور اس کے بیس کروڑ عوام کے لیے ہے۔ آج پاکستان دہشت گردی میں گھرا ہوا ہے، آج پاکستان کے غریب عوام ایسے ہیں جن کے پاؤں میں جوتا تک نہیں ہے، جو بھوک سے خودکشی کر رہے ہیں، آج پاکستان چاروں طرف سے دشمنوں میں گھرا ہوا ہے اور آنے والے challenges ایسے ہیں، میں جن کے بارے میں سمجھتا ہوں کہ Upper House انہیں challenge سمجھ کر accept کرے۔ یہ ایوان تمام صوبوں کی نمائندگی کرنے والا ایوان ہے۔ اس ایوان کا role elderly or fatherly ہونا چاہیے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہاں تمام جماعتوں اور تمام پاکستان کی نمائندگی ہے۔

جناب والا! دہشت گردی، بھوک افلاس اور غربت کے علاوہ ملک میں جو illiteracy ہے، اس کے ساتھ ساتھ مستقبل میں پانی کا بہت بڑا challenge آنے والا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ سینیٹ کے نئے آنے والے ممبران ایک national agenda بنائیں اور وہ national agenda ایسا ہونا چاہیے کہ مستقبل میں کوئی بھی حکومت آئے یا حکمران آئے، اس national agenda پر Senate کو کام کرتے رہنا چاہیے۔ جناب والا! یہاں development and terrorism کے حوالے سے agenda ہونا چاہیے۔ میں آخری بات کہنا چاہتا ہوں کہ شاید زندگی میں پھر موقع نہ ملے اور یہ بھی ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات دوبارہ اس ایوان میں لے آئے لیکن میرے یہ جذبات ہیں جن کا اظہار کر رہا ہوں، میں ان الفاظ کے ساتھ آپ کا شکریہ ادا کروں گا۔ اس کے ساتھ ساتھ APA میں آپ نے بہت اہم کردار ادا کیا، آپ کے ساتھ روس کا یادگار سفر ہمیشہ یاد رہے گا۔ میری دعا ہے کہ Asian Parliament کے لیے آپ نے جو مثبت کام کیا اور جس کی یہاں ابھی resolution بھی آئی، وہ جاری و ساری رہے۔ اس کے ساتھ ساتھ سینیٹ تھنک ٹینک کے لیے بھی آپ نے بہت یادگار کردار ادا کیا ہے۔ یہاں سے جانے والے ممبران بھی اس سے مستفید ہوں گے اور آنے والے چیئرمین اس سے فائدہ اٹھائیں گے۔ میں آخر میں آپ کا، تمام ایوان کا اور Education, Law and Justice and Privileges Committees کے چیئرمین حضرات اور کرنل مشہدی صاحب کا بھی مشکور ہوں جن کے ساتھ بہت اچھا وقت گزرا۔ میں سیکرٹری سینیٹ اور ملازمین کا جنہوں نے ہمیشہ guidance سے assistance کی، ان کا بھی مشکور ہوں جنہوں نے ہر لحاظ سے تعاون کیا۔ شکریہ۔ پاکستان زندہ باد۔

جناب چیئرمین: شکریہ، جناب مولانا عبدالغفور حیدری صاحب۔

سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ، جناب چیئر مین! میں جمعیت العلما اسلام کی طرف سے بحیثیت چیئر مین سینیٹ تین سالوں کی عظیم الشان خدمات پر آپ کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ اگرچہ دل اس بات کو کہنے کے لیے نہیں مان رہا لیکن یہ ایک حقیقت ہے کہ آج کے بعد آپ اس ایوان کے چیئر مین نہیں ہوں گے، آپ ہم سے رخصت ہو رہے ہیں۔ میں دکھی اور افسردہ دل کے ساتھ یہ جملے ادا کرنے کی جسارت کر رہا ہوں۔ آپ کے ساتھ بحیثیت چیئر مین جو ایک رشتہ رہا، اس کے علاوہ آپ سے جو ذاتی تعلق ہے، انشاء اللہ وہ تازیست رہے گا۔ آپ نے جس بہتر، جمہوری اور خوبصورت انداز سے اس ایوان کو چلایا، یقیناً آپ کی یہ خدمات تاریخ کا حصہ بن چکی ہیں، یہ تاریخ کی ایک کتاب بن چکی ہے اور انشاء اللہ یہ ساری خدمات روز روشن کی طرح عیاں رہیں گی۔ میں دوبارہ اپنی جماعت کی طرف سے آپ کو، آپ کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں اور آپ کے ساتھ ہمارے انتہائی senior parliamentarians بھی اس ایوان سے وقتی طور پر رخصت ہو رہے ہیں، ان کی خدمات بھی بہت عظیم الشان رہی ہیں، میں ان کو بھی خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے جمہوریت کے لیے، پارلیمنٹ اور آئین کی بالادستی کے لیے جو خدمات انجام دی ہیں، میں انہیں بھی خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ شکریہ۔

جناب چیئر مین: شکریہ، سید ظفر علی شاہ صاحب۔

سینیٹر سید ظفر علی شاہ: شکریہ، جناب چیئر مین! آج آخری لمحات ہیں۔

Mr. Chairman: Shah sahib! we have a Session tomorrow.

سینیٹر سید ظفر علی شاہ: جناب چیئر مین! یہ شامل ہیں، آج اور کل آخری لمحات ہی ہیں۔ مجھے ابھی پتا چلا ورنہ میں کل ہی بات کرتا کہ آپ کل تشریف فرما نہیں ہوں گے۔

جناب چیئر مین: اطلاعات یہ تھیں کہ صدر صاحب بیرون ملک جا رہے ہیں and obviously constitutional ذمہ داری ہے. I might not be here tomorrow.

سینیٹر سید ظفر علی شاہ: جناب والا! اسی لیے وقت کا فائدہ اٹھاتے ہوئے، آپ کی اجازت سے دو چار الفاظ کہنا چاہتا ہوں۔ جناب والا! ہم ویسے تو سکولوں، کالجوں، یونیورسٹیوں سے پڑھ پڑھا کر آئے ہیں لیکن یقین جانیں کہ جب میں اس ادارے، اس سکول، اس کالج اور اس یونیورسٹی کی class attend کرتا تھا تو مجھے ایسے محسوس ہوتا تھا کہ میں اکیلا طالبعلم بیٹھا ہوں اور ایک سو تین پروفیسر حضرات سے سیکھ رہا ہوں۔

(مداخلت)

جناب چیئر مین: چانڈیو صاحب! آپ کو موقع ملے گا، انہیں interrupt نہ کریں۔

سینیٹر سید ظفر علی شاہ: میں پھر بھی جاگ رہا ہوتا تھا۔ چانڈیو صاحب کی خواہش ہے کہ میں جاتے جاتے انہیں کچھ دے کر جاؤں لیکن میں ان کی خواہش پوری نہیں کروں گا۔ جناب والا! یقین جانیں کہ میں دل کی گہرائی سے یہ بات کہہ رہا ہوں کہ چھ سالوں کے عرصے میں ایک سو تین سیاستدانوں سے، ایک سو تین پروفیسر حضرات سے جو پورے ملک کی مختلف اکائیوں سے نمائندگی کرتے ہیں، مجھے بطور ایک سیاسی کارکن کے ملک کے مسائل کے بارے میں معلوم نہیں تھا جتنا مجھے یہاں آکر ملک کے مسائل کا پتا چلا۔

جناب چیئر مین! ویسے تو مختلف الخیال سیاستدانوں کے نظریے اور تجزیے ہوتے ہیں، کوئی کہتا ہے کہ جب تک ملک کے معاشی حالات ٹھیک نہیں ہوں گے، اس وقت تک یہ ملک نہیں چلے گا، جب تک ملک کا دفاعی نظام ٹھیک نہیں ہوگا، اس وقت تک terrorism نہیں جا سکتا۔ جناب والا! بطور سیاسی کارکن کے میرا ایمان ہے کہ جب تک ملک کا political system جس کی بنیاد political parties ہیں، جب تک وہ مضبوط نہیں ہوتیں، جب تک وہ ٹھیک نہیں ہوتیں، دیگر سارے مسائل offshoot ہیں، ہم ان پر قابو نہیں پا سکتے۔ آج اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ پاکستان جس کے بارے میں ہر وقت یہ کہا جاتا تھا کہ یہاں جمہوریت کانپ رہی ہے، وہ لٹک رہی ہے، وہ جا رہی ہے، وہ آرہی ہے، اب ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ پاکستان کا پارلیمانی نظام جس کی بنیاد political parties ہیں اور ان پر ابھی بہت ساری ذمہ داریاں ہیں، اگر یہ کسی جگہ لغزش کھا گئیں تو ملک کے اندر یا باہر جو undemocratic forces ہیں جن کی ہر وقت نظریں ادھر لگی رہتی ہیں کہ پاکستان کے پارلیمانی نظام کو، پاکستان کے democratic نظام کو کس طرح نقصان پہنچایا جائے۔

(جاری------T/13)

T13-10Mar15 Ashraf/Ed. Rauf 1240

سید ظفر علی شاہ جاری---

ان کی ہر وقت نظریں لگی رہتی ہیں۔ پاکستان کے پارلیمانی نظام کو، پاکستان کے democratic نظام کو، کسی نہ کسی طریقے سے، اللہ معاف کرے، وہ نقصان پہنچانے کے درپے رہتے ہیں۔ اب میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان کی سیاسی جماعتیں mature ہو چکی ہیں اور بہت کچھ سمجھ چکی ہیں۔ قطع

نظر اس کے کہ کونسا سیاست دان کس طرف بیٹھا ہوا ہے، کس رکن کی ہمدردیاں کس طرف ہیں لیکن وہ یہ سمجھتے ہیں کہ پاکستان کے نظام کو چلانے کے لیے top priority کی چیزوں کی طرف ان کی توجہ ہے۔

جناب چیئرمین! مجھے آپ کے بارے میں بہت کچھ کہا گیا اور مجھے اس بات پر اور زیادہ فخر ہوا کہ باوجود اس کے کہ آپ کا تعلق ہماری ایک متحارب جماعت سے ہے، ہم ایک علاقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ میں اپنے core of the heart سے یہ بات کر رہا ہوں کہ کسی وقت ہم متحارب بھی رہے ہوں گے یا آئندہ رہیں گے لیکن آپ نے یہ ثابت کیا بلکہ میں سینیٹ سیکرٹریٹ سے یہ کہوں گا کہ ان آخری دو تین دنوں کی تقاریر میں آپ کے بارے میں، چیئرمین کے بارے میں جو کہا گیا ہے۔ ان تقاریر کا jist اور وہ کتابچہ آنے والے چیئرمین جس دن حلف اٹھائیں، ان کو بھیج دینا چاہیے تاکہ اس کو پڑھ کر ان کو راستہ ملے، ان کو پتا چلے کہ جو چیئرمین impartial ہوتا ہے، bios نہیں ہوتا، جو balance ہوتا ہے، جو ایوان کو خوبصورتی سے آگے لے کر جاتا ہے اس کے بارے میں سینیٹ کے کیا خیالات ہوتے ہیں۔

مجھے اس بات پر فخر ہے کہ آپ Son of soil ہیں، آپ کا تعلق بھی اسی علاقے سے ہے جس علاقے سے میرا تعلق ہے۔ آپ نے جس انداز سے ہاؤس کو چلایا وہ متوازن بھی تھا، قانون کے مطابق بھی تھا اور جمہوری بھی تھا۔ یہ بڑی خوبصورتی کی بات ہے۔ بہر حال ہم آپ کو یاد رکھیں گے، اس ہاؤس کو یاد رکھیں گے۔ کل پرسوں مجھے میرے ایک دوست نے کہا کہ جی آپ جا رہے ہیں۔ میں نے کہا کہ جی جا رہے ہیں۔ ہر کسی نے جانا ہے اور یہ کائنات کا اصول ہے۔ میں نے کہا کہ عرصہ ہوا کہ پوری دنیا کی political screen پر بش ہی بش ہوتا تھا، پوری دنیا کا طاقتور ترین صدر، پوری دنیا کے طاقتور ترین ملک کا صدر اور ابھی اوبامہ صاحب جو دو چار مہینے میں جانے والے ہیں۔ جو آتا ہے وہ جاتا ہے۔ کائنات اگر متحرک نہ رہے تو اس سے بدبو آنا شروع ہو جاتی ہے لہذا اس آنے اور جانے پر کوئی افسوس کی بات نہیں ہے۔ پھر جس نے، خاص طور پر سیاسی میدان میں کام کرنا ہوتا ہے اس کے لیے یہ immaterial ہے کہ وہ اس پارلیمنٹ بلڈنگ کے اندر رہے یا بلڈنگ کے باہر ہے، وہ اپنے ملک کی خدمت ہر انداز میں کرتا رہے گا۔

آخر میں، میں اپنے قائد ایوان، جناب راجہ ظفرالحق صاحب اور قائد حزب اختلاف جناب اعتزاز احسن صاحب جو ہمارے ساتھی ہیں، ان کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں۔ ان کی سینیٹ کے لیے، جمہوریت کے لیے اور قانون بنانے کے لیے خدمات، میں سمجھتا ہوں کہ ہم وہ بھی ہمیشہ یاد رکھیں گے اور اس سے بھی ہم سبق سیکھیں گے۔ بہت بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ جی، آفتاب احمد شیخ صاحب۔

شیخ آفتاب احمد: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! آج یہاں پر جو تقاریر کی جارہی ہیں یا جس طریقے سے آپ کی قائدانہ صلاحیتوں یا خدمات کا ذکر کیا جارہا ہے یہ تاریخ کا ایک حصہ ہے۔

میں اللہ کی مہربانی سے 1990 میں پہلی مرتبہ نیشنل اسمبلی کا ممبر بنا۔ اس وقت سے لے کر اب تک میں نے بہت سے ادوار دیکھے، بہت سے لوگوں کو آتے ہوئے اور جاتے ہوئے بھی دیکھا۔ یقیناً میں محسوس کرتا ہوں کہ آپ کا سیاسی زندگی میں بہت بڑا مقام ہے۔ آج سے پونے دو سال پہلے جب ہماری کابینہ بنی اور مجھے یہ ذمہ داری سونپی گئی تو میں نے ان پونے دو سالوں میں یہ محسوس کیا کہ آپ نے ہمیشہ ہمارے سروں پر شفقت کا ہاتھ رکھا۔

یقیناً ہمارا کام ایسا ہے کہ جس میں مشکلات بہت زیادہ آتی ہیں۔ بعض اوقات توجہ دلاؤ نوٹس میں، بعد سوالات کے جوابات میں اگر ہمیں کہیں دشوار آئی تو آپ نے بڑے خوبصورت انداز میں اپنی observation دے کر ہمیں اس مشکل سے نکال دیا۔

جناب چیئرمین! تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ کچھ لوگ اپنے ذاتی کردار کی وجہ سے، اپنے ذاتی عمل کی وجہ سے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے تاریخ میں امر ہو جاتے ہیں۔ مجھے اس بات پر فخر ہے کہ آپ کی chairmanship میں مجھے کام کرنے کا موقع ملا۔ بہت خوبصورت بات یہ ہے کہ یہاں ہمیں کبھی محسوس نہیں ہوا کہ چیئرمین صاحب کسی اور پارٹی سے ہیں اور ہم کسی دوسری پارٹی سے ہیں۔ آپ نے بڑے پیارے انداز میں اور بڑی شفقت کے ساتھ to the point, Constitution کے مطابق، قانون کے مطابق ہمیں چلانے کی کوشش کی۔ یہ ہاؤس چونکہ آپ کا اپنا دفتر اور گھر تھا، آپ نے پورے ہاؤس کو بڑے پیارے انداز میں چلایا۔ یقینی طور پر میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ جب بھی کسی چیئرمین، سینیٹ کا ذکر آئے گا تو آپ کی خدمات کی وجہ سے آپ کا نام سنہری حروف سے لکھا جائے گا۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔

شیخ آفتاب احمد: میں آخر میں یہی کہوں گا کہ خدا کرے کہ آپ کی آئندہ زندگی بہت ہی خوبصورت انداز میں گزرے، بہت پیارے انداز میں گزرے۔ آپ کا حق تھا کہ آپ کو یہاں واپس آنا چاہیے تھا لیکن یقیناً اس سفر میں کچھ دیر سویر تو ہوتی ہے لیکن انشاء اللہ آپ نے واپس آنا ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اپنے حفظ وامان میں رکھے۔ بہت بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ، جناب حاجی عدیل صاحب۔

سینیٹر حاجی محمد عدیل: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ بہت بہت شکریہ۔ آپ کے کل اور میرے کل میں بڑا فرق ہے۔ آپ ماشاء اللہ کل والا دن بطور صدر مملکت گزاریں گے اور ہم کل کا دن اس ایوان میں اپنی اختتامی اور الوداعی تقاریر کر کے چلے جائیں گے۔ پھر جب تک دوبارہ منتخب نہ ہوں تو ہم پر دوبارہ اس ہاؤس کے اندر داخل ہونے پر بھی پابندی ہو گی۔

میں نے سوچا تھا کہ میں نے سات سال یہاں گزارے ہیں۔ مجھے چونکہ پتا چلا کہ کل آپ کو بادشاہت ملنے والی ہے تو میں نے سوچا کہ آپ کی تعریف کر لوں۔

جناب چیئرمین: بادشاہوں کی تعریف نہ کریں بلکہ کسی عام انسان کی تعریف کریں۔

سینیٹر حاجی محمد عدیل: زبان خلق کو نقارہ خدا سمجھو، میں اگر تعریف نہ بھی کروں تو چونکہ ہر کسی نے تعریف کی ہے تو اس لیے مجھے بھی تعریف کرنی پڑ رہی ہے۔ آپ سے ہم نے محبت کی، ہمارے بارہ ووٹ تھے جو ہم نے آنکھیں بند کر کے آپ کو دیے۔ شاید ہمارے دوسرے ساتھی بھی جو آپ کی جگہ تشریف لا رہے ہیں ان کو بھی دیں گے۔ آپ سے لڑائی بھی کی ہے، جھگڑا بھی کیا۔ بھوک ہڑتال بھی کی ہے کہ ہم آپ کے دفتر نہیں جائیں گے۔ یہ ہوتا رہتا ہے۔ ایک گھر میں بھی اختلاف ہوتے ہیں لیکن جو قرارداد ہم نے پاس کی ہے، ایشین پارلیمینٹری آرگنائزیشن کے حوالے سے، میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک بہت بڑا کام ہے جو آپ کی زیر سرپرستی ہوا۔ یہ ایک ایسا کام ہے کہ جو پارلیمانی تاریخ میں رہے گا۔ آپ اس کے پہلے چیئرمین بھی رہے۔

جناب چیئرمین! آپ ایک سیاسی ورکر ہیں، میرے ساتھی نے بھی کہا، ہم سب سیاسی ورکر ہیں لیکن میں آپ کو سب سے اونچا درخت جسے کھجور کہتے ہیں، وہ سمجھتا ہوں، آپ اونچائی پر چلے گئے ہیں۔ اس کے پھل کو بھی کھجور کہتے ہیں جسے اگر کھایا جائے تو صحت بھی بڑی اچھی ہوتی ہے البتہ ذیابیطس میں منع ہے باقی یہ دل کے لیے بھی اچھی ہے اور کھجور کا قرآن میں بھی ذکر ہے------ جاری---

T14-10MAR2015 12:50 P.M. TAJ/Ed. A. Rauf Khan

سینیٹر حاجی محمد عدیل: ---- جاری ---- کھجور کا قرآن میں بھی ذکر ہے۔ آپ ہمارے لیے کھجور کا درخت ہیں۔ لیکن آخر میں، میں کہوں گا کہ تُلسی داس نے کھجور کے متعلق کہا ہے کہ

تُلسی ایسی پریت نہ کریو جیسے لمبی کھجور

## دھوپ لگے تو چاؤں نہیں، بھوک لگے پھل دور

جناب چیئرمین: جناب نثار محمد۔

سینیٹر نثار محمد: شکریہ، چیئرمین صاحب! بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! جس طرح خاص کر آپ کے بارے میں راجہ صاحب، شاہ صاحب، رضا ربانی صاحب، اعتزاز احسن صاحب اور دوسرے colleagues نے بات کی ہے، آپ کی ذات کے بارے میں اور اس Chair کے بارے میں۔ مجھے ایک بات یاد آ گئی۔ پچھلے دنوں میں اپنے والدہ صاحبہ کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا اور اخبار میں اقوال زریں پڑھ رہا تھا اور وہ اقوال زریں والدہ کے بارے میں تھے اور تقریباً دس پندرہ اقوال زریں تھے۔ میں ان کو دیکھ رہا تھا تو والدہ صاحبہ نے مجھ سے ایک دو مرتبہ بات کی لیکن میری توجہ اس طرف تھی۔ مجھے کہنے لگیں کہ بیٹا میں آپ کے ساتھ بات کر رہی ہوں اور آپ کی توجہ میری طرف نہیں ہے۔ میں نے کہا کہ ماں جی میں آپ کے ساتھ ہی بات کر رہا ہوں اور آپ کو دیکھ رہا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ کیسے، میں نے کہا کہ یہ اقوال زریں ہیں، ان کو پڑھ رہا تھا تو آپ کے ساتھ تھا۔ انہوں نے کہا کہ ایک مجھے سنائیں تو میں نے ان کو وہ اقوال زریں سنائے۔ آخر میں وہ کہنے لگیں کہ بیٹا آپ کا کیا خیال ہے ماں کے بارے میں؟ میں نے کہا کہ ماں جی اگر یہ سارے اقوال زریں کو مل کر ایک طرف ہو جائیں تو پھر بھی ماں کی ایک نظر سے کم ہیں۔

جناب چیئرمین! میرے دوستوں اور میرے بھائیوں، معزز ارکان نے جو تعریف کی ہے۔ میں تو الفاظ دیکھ رہا تھا اور سن رہا تھا لیکن میرے پاس وہ الفاظ ابھی تک نہیں ہیں۔ جناب والا! اصل میں آپ کی Chair ہماری chairs کو دیکھ رہی ہے۔ یہاں پر جو کرسیاں ہیں ان کی بھی کچھ نظر ہوتی ہے اور وہ بھی بہت غور سے اُس کرسی کو follow کرتے ہیں اور دیکھتے ہیں۔ وہ Chair جو بیچ میں رکھی گئی ہے تو حقیقت کی بات یہ ہے کہ نہ اس طرف کی ہے نہ اس طرف کی ہے۔ درمیان میں رکھنے کی جو وجہ ہے، جو میں دیکھ رہا ہوں اور سمجھ رہا ہوں کہ اس کے ساتھ آپ نے انصاف کیا ہے، احسن طریقے کے ساتھ انصاف کیا ہے۔ پارٹی کی representation اور بات ہوتی ہے اور پارلیمنٹ کے Chair کی اور پوزیشن ہوتی ہے۔

اس حوالے سے بعض اوقات ہمیں یہ محسوس ہوتا تھا کہ شاید چیئرمین صاحب اس side کی بات کر رہے ہیں اور اور اُس side کی بات نہیں کر رہے ہیں۔ دوسری بات یہ کہ مجھے بھی آپ کے ساتھ باہر ملک جانے کا اتفاق ہوا ہے۔ سفر میں بھی جناب! میں نے جو دیکھا ہے اور محسوس کیا ہے۔ جناب چیئرمین! انسان کی شخصیت اور وقار کا اپنا ایک انداز ہوتا ہے اور اسی سے پہچانا جاتا ہے۔ میں نے اس Chair کے علاوہ وہاں پر بھی جو آپ کا وقار دیکھا ہے اور جو آپ نے ملک کی نمائندگی کی ہے، مجھے اس پر فخر ہے۔ جس احسن طریقے سے آپ نے نمائندگی کی اور ہمیں بھی ایک support کہیں، ذہن میں یہ تھا کہ ہم چیئرمین صاحب کے ساتھ ہیں۔ ہماری نظریں آپ کی طرف ہوتی تھیں۔ جس طرح آپ نے ایک role, صبر و تحمل

کے ساتھ ادا کیا ہے اور rules کو follow کیا ہے، اگر اس موقع پر میں صابر بلوچ صاحب کا نام نہ لوں تو میرے خیال میں زیادتی ہو گی۔ ان کا اور آپ کا House چلانے کا انداز مختلف تھا جناب۔ انہوں نے اپنے انداز سے اور جس احسن طریقے سے House کو چلایا ہے، بعض اوقات آپ چلے جاتے تھے اور پھر ہمیں House کا ایک اور رنگ ملتا تھا۔ ان کی کمی بھی ہم محسوس کر رہے ہیں۔ ہمارے senior colleagues جو جا رہے ہیں۔ خاص کر اس طرف حاجی صاحب نہیں ہوتے تھے تو ہم کمی محسوس کرتے تھے، اُس طرف اگر چانڈیو صاحب کی گرجدار آواز اگر نہیں آتی تھی تو ہم کمی محسوس کرتے تھے۔ صغریٰ امام صاحبہ کی طرف دیکھتے تھے، لالا رؤف کی طرف دیکھتے تھے، ان کی کمی بھی محسوس کر رہے ہیں۔ جناب چیئرمین! آپ نے Chair کی مناسبت سے جو role ادا کیا ہے، اس کے لیے میرے خیال میں ایک تو آپ کی کامیابی اور کامرانی کے لیے ہم دعا کر سکتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس Chair اور ملک کو قائم و دائم رکھے۔ وہی بات ہے کہ مکین زینتِ مکان۔ اس مکان کے ہر زینت پر، اللہ تعالیٰ آپ کو اور سب کو امن وامان میں رکھے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جناب ظفر اللہ خان صاحب۔

سینیٹر ظفر اللہ خان: شکریہ، جناب چیئرمین!

(اس موقع پر ایوان میں اذان ظہر سنائی دی)

(Followed by T15)

T15-10MAR2015 SAIFI TIME 0100

جناب چیئرمین: جناب ظفر اللہ صاحب۔

سینیٹر محمد ظفر اللہ خان: جناب چیئرمین! شکریہ، اس ہاؤس میں جن لوگوں نے آپ کے متعلق جو کلمات بیان کئے میں سو فیصد اس سے اتفاق کرتا ہوں۔ اس کے ساتھ یہ بھی گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ جہاں پر یہ کہا گیا کہ آپ کا تعلق ایک جماعت سے تھا لیکن آپ نے اس ہاؤس کو جس عقلمندی، جس دانشمندی، جس جرات مندی اور آئین کے مطابق چلایا، میں سمجھتا ہوں کہ آپ اس پورے ایوان کے چیئرمین تھے کسی جماعت کے چیئرمین نہیں تھے۔ آپ نے اس بات کو عملی طور پر ثابت کیا، میں اس پر آپ کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین!آپ کی محبت جو ہمیں ملی، ہاؤس میں جس طریقے سے آپ نے لوگوں کو برداشت کیا، جس قسم کی گفتگو کسی نے کی، آپ نے جس حوصلے اور محبت سے ان باتوں کا جواب دیا یہ آپ کی اعلیٰ ظرفی ہے۔ ہم دل کی گہرائیوں سے آپ کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور ہمارے دل میں آپ کے لیے بہت احترام ہے اور انشاء اللہ یہ احترام ہمارے دلوں میں ہمیشہ آپ کے لیے رہے گا۔ میں آخر میں پھر آپ کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں اور آپ کے لیے دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو درازی عمر اور صحت عنایت فرمائے۔ آمین۔

جناب چیئرمین: شکریہ، جی سعید مندوخیل صاحب مختصر رکھیں کیونکہ لیڈر آف دی ہاؤس نے آپ کے لنچ کا بندوبست کیا ہوا ہے۔ کل بھی اجلاس ہوگا۔

سینیٹر سعید الحسن مندوخیل: شکریہ جناب چیئرمین! میں اس معزز ایوان کا زیادہ وقت نہیں لوں گا لیکن مجھے دکھ اس بات کا ہے کہ ہمارے اتنے اچھے معزز چیئرمین صاحب، ڈپٹی چیئرمین صاحب اور باقی ساتھی تین سال تو اکٹھے رہے اب وہ ہمیں چھوڑ کر جا رہے ہیں۔ ہماری اپنے ساتھیوں کے لیے دعا ہے کہ اللہ کرے وہ دوبارہ بھی سیاست میں رہیں۔ ان کا احترام جو آپ لوگوں نے develop کیا تھا، عزت جو لوگوں نے اپنے لیے پیدا کی تھی وہ عزت، ہماری خواہش ہوگی کہ آنے والے سینیٹرز کے لیے بھی ہو لیکن لگتا مشکل ہے، آنے والے سینیٹرز جو آرہے ہیں، جو نئے آئیں گے وہ بھی اسی پر عمل کرتے رہیں اور اسی طرح اس ایوان کا تقدس برقرار رہ سکے گا۔ میں تمام ساتھیوں کا جو ہمیں چھوڑ کر جا رہے ہیں بہت شکریہ ادا کرتا ہوں۔ آپ سے ایک گلہ ہے، ایک وعدہ آپ نے پورا نہیں کیا باقی سارے وعدے آپ نے پورے کئے، ایک جنیوا والا وعدہ آپ بھول گئے۔ اگلی دفعہ جب اللہ آپ کو چیئرمین بنائے تو وہ وعدہ پورا کریں۔

جناب چیئرمین: میں نہیں چاہتا تھا کہ جنیوا کی گلیوں میں آپ سے پھر پاسپورٹ چھینا جائے۔ جی حمزہ صاحب۔

سینیٹر حمزہ: جناب چیئرمین! آپ نے بحیثیت چیئرمین انتہائی پروقار طریقے سے اپنے فرائض کو سرانجام دیا ہے۔ آپ نے اپنے مقام اور اس کے ساتھ سینیٹ کے وقار میں اضافہ کیا ہے۔ بحیثیت چیئرمین آپ اس سے پوری طرح واقف تھے اور آئینی تقاضوں سے بھی واقف تھے اور آئین کی دفعات اب آپ کو ازبر ہو گئی تھیں۔ آپ موقع کے مطابق اپنی رولنگ دیتے تھے، میرے خیال میں اس طریقے سے آپ نے اپنے اور اپنے عہدے کے وقار میں بہت اضافہ کیا ہے۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو آئندہ بھی زندگی میں کامیابیاں دے اور آپ اس ملک و قوم کی خدمت کرتے رہیں۔

جناب چیئرمین: شکریہ، جناب نزہت صادق صاحبہ۔

سینیٹر نزہت صادق: جناب چیئرمین! یہاں پر قائدین نے اور میرے ساتھیوں نے آپ کے چیئرمین ہونے پر بات کی ہے۔ اب وقت ہے آپ جارہے ہیں but I want to place it on record میں تھوڑا سا add کرنا چاہوں گی جو نثار صاحب نے بات کی ہے as a delegate جب آپ کے ساتھ باہر جانے کا موقع ملا تھا۔ وہاں پر جس طریقے سے آپ نے مجھے encourage کیا اور جس طریقے سے space دی، ساری بات space دینے کی ہوتی ہے، I felt proud to represent my country with you. میں ایک اور بات کہنا چاہوں گی کہ جب آپ نے خاص طور پر Stockholm میں difficult question تھے کو face کیا indeed I felt proud to be a Pakistani. آپ نے بہترین طریقے سے پاکستان کو represent کیا تھا۔ آپ نے پاکستان کا کیس بڑے عمدہ طریقے سے پیش کیا تھا۔ It was great learning with you and I want to thank you for that.

جناب چیئرمین: شکریہ، صالح شاہ صاحب۔

سینیٹر محمد صالح شاہ: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! (فارسی) پشتو میں ایک شعر ہے (پشتو) میں مختصر ترجمہ عرض کرنا چاہتا ہوں، کسی نے درد دل اور افسوس سے کہا کہ آئیے میرے ساتھ کہ ہم دلوں سے ایک گلدستہ بنا کر اپنے محبوب کے سامنے پیش کریں تاکہ کل یہ نہ سمجھا جائے کہ ان لوگوں میں اخلاص اور دیانت داری نہیں۔ جناب چیئرمین! یہ ہاؤس ایوان بالا ہے میں اس کی مثال یوں دے سکتا ہوں، بصد ادب کہ قدیم زمانے میں چند اللہ والے ساتھی کسی بادشاہ کے دربار میں آئے، بادشاہ نے ان سے پوچھا کہ آپ کیسے آئے ہو مہمانوں نے کہا کہ ہم تو اس کو مہمان خانہ سمجھ کر، مسافر خانہ سمجھ کر آئے ہوئے ہیں۔ بادشاہ نے جواباً کہا کہ یہ تو شاہی خانہ ہے، بادشاہ کا گھر ہے شاہی ایوان ہے اس کو آپ مسافر خانہ، مہمان خانہ نہ سمجھیں۔ مہمانوں نے کہا کہ حضرت بصد ادب جس کرسی پر آپ فائز ہو، اس کرسی پر آپ سے پہلے کون تھے تو بادشاہ صاحب نے جواب دیا کہ اس کرسی پر مجھ سے پہلے میرے والد صاحب تھے۔ اس سے پہلے کون تھے؟ فلاں تھے، کیا آپ اس کرسی پر دائماً ہمیشہ کے لیے رہیں گے، تو بادشاہ سلامت نے کہا نہیں حضرت میں بھی ایک دن اسی کرسی پر نہیں رہوں گا۔ جناب چیئرمین! ان مہمانوں نے کہا کہ مسافر خانہ، مہمان خانہ اور گیسٹ ہاؤس کی بھی یہی مثال ہے کہ آج آپ ہوں گے کل ہم ہوں گے۔ جناب چیئرمین! آپ نے تین سال اس ایوان بالا کو احسن طریقے سے چلایا، میں ان تین سالوں کی مبارکباد دیتا ہوں۔ میں آپ کو داد دیتا ہوں اور اس پر آپ کو کوئی افسوس نہیں ہوگا، کوئی صدمہ نہیں ہوگا، میں اپنے تمام ساتھیوں کو جو یہاں سے رخصت ہو رہے ہیں ان تمام کا دل کی گہرائیوں سے فاٹا کی طرف سے شکر گزار ہوں تاکہ آئندہ بھی اس ہاؤس میں ایسے ہی پارلیمنٹیرین تشریف لائیں جو اس کو احسن طریقے سے چلا سکیں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ، بیگم نجمہ حمید صاحبہ۔

سینیٹر بیگم نجمہ حمید: شکریہ، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! میں دکھ کے ساتھ یہ بات کروں گی اور خوشی کے ساتھ بھی یہی بات کروں گی کہ جس عزت واحترام سے لوگوں نے آپ کے لیے الفاظ کہے ہیں میں سمجھتی ہوں کہ تاریخ میں آپ کا بہت بڑا مقام ہے۔ آنے والی نسلیں بھی اس بات کو یاد رکھیں گی کہ آپ نے اپوزیشن کو کبھی اپوزیشن نہیں سمجھا۔ آپ نے ہمیشہ اس طرح وقت دیا ہو جس طرح ہم حکومت میں ہیں۔ لوگوں کی باتیں بھی آپ نے سنی ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ آپ اتنی اچھی یادیں چھوڑ کر جا رہے ہیں، انشاء اللہ پھر آئیں گے، دوبارہ بھی آئیں گے، میں یہ نہیں کہہ رہی جا رہے ہیں، آئیں گے ضرور۔ آپ کے لیے چاہے اپوزیشن ہے، چاہے حکومت ہے، جو بھی ہیں انہوں نے اس قدر خوبصورت الفاظ کہے ہیں، میں سمجھتی ہوں کہ یہ آپ کا حق بنتا تھا۔ میں بھی آپ کے ساتھ باہر گئی تھی، آپ کی بیگم صاحبہ بھی ساتھ تھیں، سب نے بہت زیادہ ساتھ دیا۔ میرے کئی دورے بھی کینسل کروا دیئے تھے، میں اس کا الزام آپ پر نہیں دوں گی۔ جناب والا! میں آپ کو خوش قسمت سمجھتی ہوں کہ آپ اچھی یادیں چھوڑ کر جا رہے ہیں اور انشاء اللہ دوبارہ آئیں گے۔ ہم نے کبھی نہیں سمجھا کہ آپ کسی اور پارٹی سے تعلق رکھتے ہیں۔ آپ نے ہمیں وقت بھی دیا، پیار و محبت سے رہے۔

جناب چیئرمین: شکریہ، روبینہ عرفان صاحبہ۔

T16-10MAR2015 SAIFI/ ED Zafar TIME 01:10 P.M.

جناب چیئرمین: شکریہ، روبینہ عرفان صاحبہ۔

سینیٹر روبینہ عرفان: شکریہ جناب چیئرمین۔ In farewells, it is hard to say goodbye with tears مگر میں سمجھتی ہوں کہ آپ کے ساتھ کام کرنے میں آپ کے ساتھ under your guidance, you conducted this august House, prestigious House, جس طرح آپ نے سب کو اپنے اعتماد میں لیا اور ممبران کا جو confidence آپ نے لیا وہ سب سے بڑا اعزاز ہے جو آپ کی طرف جاتا ہے۔ Being a new Senator when I came here, it was an experience for me, I thought I would not be noticed. بہت سارے seasoned politicians میں، بہت ساری speeches میں ہمیں نوٹ نہیں کیا جا رہا لیکن I must say this on this august floor that you

being above all parties, flags and above everything آپ نے ہر ایک ممبر کو اس کا مقام دیا، اسے بولنے کا موقع دیا، اسے floor دیا، اسے باہر جانے کا موقع دیا، I had the privilege and honor to go with you and it was the pleasure being with you, learning from you and seeing how you conducted the meetings out there. All I can say this that it was a pleasure and an honor to be in a House where the Chairperson was you and I wish the best for you in life. Thank you.

جناب چیئرمین: شکریہ۔ سحر کامران۔

Senator Sehar Kamran: Thank you sir. Sir, I would also like to express my gratitude and pay you a tribute for your guidance, for your support.

جب پہلے دن مجھے ٹکٹ ملا، میں اپنا nomination paper لے کر آپ کے پاس آئی تھی، اس دن سے لے کر آج تک آپ نے راہنمائی کی۔ آپ کے ساتھ ابھی سیریا اور عراق جانے کا موقع ملا، بہت کچھ میں نے آپ سے سیکھا اور جس طریقے سے آپ نے پاکستان کی representation کی وہ قابل تعریف ہے۔ ایک بات جس کا کسی نے ذکر نہیں کیا، اس کا ذکر میں ضرور کرنا چاہوں گی کہ جس طریقے سے آپ نے بجٹ کو کنٹرول کیا، اس ہاؤس میں expenses کو curtail کیا، پاکستان کے پیسے بچائے اس کے لیے بھی آپ کو خراج تحسین پیش کرنا چاہوں گی۔ آپ نے Asian Parliamentarian کے لیے جو کاوشیں کیں اور جو آپ کا Think Tank کا initiative ہے that will go a long way. اس کے علاوہ جو آپ کی intellectual approach رہی، آپ نے بالکل last moment پر بہت short notice پر میری request پر International Seminar کو preside کیا اور آپ کی presence سے this Chair has been getting more dignity and grace because of you آپ جہاں بھی جائیں گے وہ dignity and grace آپ کے ساتھ جائے گی۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ احمد حسن صاحب۔

سینیٹر احمد حسن: شکریہ جناب چیئرمین! یہ آپ کی شفقت اور محبت کا نتیجہ ہے کہ میں پہلے چار پانچ آدمیوں میں شامل تھا جنہوں نے سب سے پہلے تقریریں کی لیکن آپ سے اتنا پیار و محبت ہے کہ میں اگر آج کچھ باتیں نہ بھی کرتا تو مجھے برا نہیں لگتا۔ میرا طریقہ رہا ہے کہ جو حضرات مجھ سے

اچھا بولتے ہیں ان کے بعد میں بولنا پسند نہیں کرتا کیونکہ میں نہیں چاہتا کہ ان کے جو بولنے کے اثرات ہیں وہ زائل ہو جائیں۔ میں مختلف نکتے کی طرف آج اشارہ کرتا ہوں۔ دوستوں کی تمام تر باتوں کے باوجود میرا سو فیصد اتفاق ہے اور اس پر مزید کچھ کہنا سورج کے سامنے چراغ دکھانے کے برابر ہوگا لیکن میں صرف اتنا عرض کروں گا کہ میں نے بحیثیت سینیٹر ہمیشہ یہ محسوس کیا ہے کہ نیشنل اور انٹرنیشنل مسائل پر، ان کے حل کے حوالے سے تجاویز کے سلسلے میں مجھ سے بہتر لوگ جانتے ہیں، وہ بول سکتے ہیں میں اس پر زیادہ بات کرنا مناسب نہیں سمجھا۔ میں نے علاقے کے مسائل اور پختونخوا کے حوالے سے صرف سوالات پر انحصار کیا ہے۔ میرے لیے یہ بات مشکل ہوتی اگر آپ چیئر پر نہ ہوتے۔ آپ جب نہ ہوتے تو ہمارے سوالات کا نمبر آنا مشکل ہوتا لیکن جب ایوان میں ہوتے تھے تو آپ کے نہ ہونے کی وجہ سے ڈپٹی چیئرمین صاحب نے جو ماحول بنایا ہوتا تھا اس کا علیحدہ مزہ ہوتا تھا۔ میں جب ان کو چیئر کرتے ہوئے دیکھتا تو مجھے فکر لاحق ہوتی اپنے سوالات کی لیکن جوان کا انداز تھا ہر وقت طنز و مزاح کا اور بحث کے دوران ایک خاص نکتے کو نمٹانے اور ہاؤس کو خوشگوار بنانے کا جو ملکہ ان کو حاصل تھا اس پر میں ان کو خراج عقیدت پیش کرتا ہوں۔ اگرچہ مجھے ان سے ذاتی طور پر بہت سے گلے شکوے ہیں کیونکہ ہم بہت پرانے دوست ہیں حنیف خان مرحوم کے وقت سے جو میرے بھی مہربان تھے اور ان کے بھی بہت اچھے دوست تھے۔ ان کی ان سے دوستی تو علیحدہ تھی لیکن میں ان کو اپنا دوست اور ساتھی سمجھتا ہوں۔ اس حوالے سے میں کہتا ہوں کہ آپ کے زیر نگرانی چیئر کرتے ہوئے مجھے اپنے ان سوالات کا جو میں نے کرنے تھے 90% موقع ملا اور ان کے جواب بھی ملے۔ آپ کے زیر سایہ، جس طرح میرے بھائی نے فرمایا، سینیٹ، نظامات، چیئرمینی، کونسلری، صوبائی اسمبلی، ڈپٹی سپیکری، صوبائی وزیر کی حیثیت سے اور سب سے بڑے اعزاز کی بات کہ محترمہ شہید رانی کے زیر سایہ، ان کی اپوزیشن میں رہتے ہوئے میں نے جو چند سال گزارے ہیں، وہ میری زندگی کا ایک سرمایہ ہے۔ میں یہاں پر صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ان سارے اداروں میں آپ کے زیر سایہ سینیٹ کے تمام تر عملے کو جو جس طرح میں نے ہمدرد، پیار کرنے والا، مدد فراہم کرنے والا پایا، اس طرح میں نے اپنی چالیس سالہ زندگی میں کسی کو نہیں پایا۔ میں ان کو بھی خراج عقیدت پیش کرتا ہوں۔

Mr. Chairman: Thank you. Those honourable Senators who will continue for another three years, they can talk tomorrow but today I would like to give time to the Senators who are retiring now. Surraiya Amiruddin sahiba.

سینیٹر ثریا امیر الدین: شکریہ چیئرمین صاحب۔ دل تو رو رہا ہے لیکن کہنا بھی ہے کہ آپ کے ساتھ جو وقت گزرا، بہت اچھا وقت گزرا اور میں اس کا credit اپنی شہید رانی بی بی کو دوں گی کہ ان کی پارٹی کے ہی چیئرپرسن آتے رہے اور سینیٹ کے چیئرمین بنے اور انہوں نے بہت اچھا نبھایا، انہوں نے کوئی فرق نہیں سمجھا کہ حکومت میں کون ہے اور اپوزیشن میں کون ہے۔ میں نے تو سیاست بہت سالوں کی ہے لیکن یہاں آ کر جو

سالوں میں جو میں نے سیکھا ہے، میں اس پر بڑا فخر کرتی ہوں کہ یہاں بڑے قابل لوگ تھے، جن سے میں نے بہت کچھ سیکھا اور اب میرا دل رو رہا ہے کہ میں یہاں سے جا رہی ہوں، اپنے ساتھیوں سے رخصت ہو رہی ہوں اور مجھے امید ہے کہ آئندہ ہم ملتے بھی رہیں گے اور آپ کی غیر موجودگی میں جو صابر بلوچ صاحب نے صدارت کی وہ بھی بہت اچھی کی، ان کا اپنا ایک style تھا، وہ ہنستے بولتے ہوئے ہر ایک بات سن لیتے تھے، سہہ لیتے تھے اور ہمارے صوبے کے لیے وہ فخر کا باعث ہیں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ شیرالہ ملک صاحبہ۔

سینیٹر شیرالہ ملک: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب چیئرمین۔ آج جو یہ اجلاس ہے اس کو میں اختتامی تقریب ہی میں کہوں گی۔ موقع ایسا ہے کہ دل بوجھل بھی ہے اور خوش بھی ہے، خوشی اس بات کی ہے کہ یہاں آنے کا مجھے موقع ملا اور میرے قائد جناب الطاف حسین بھائی نے مجھے یہاں nominate کیا اور مجھے اس قابل سمجھا کہ میں یہاں پر آؤں لیکن افسوس اس بات کا ہے کہ یہ ٹرم پوری ہو رہی ہے اور آپ سب لوگوں سے جدائی کا وقت ہے۔ میں آپ کے حوالے سے یہ بھی کہنا چاہوں گی کہ میرے اس چھ سال کے tenure میں دو چیئرمین سینیٹ بنے اور میری یہ خوش نصیبی ہے کہ میں نے دونوں کے under کام کیا اور آپ لوگوں کی سربراہی ملی اور آپ کے حوالے سے جتنے لوگوں نے جتنی بھی خوبیاں بیان کی ہیں میرے خیال میں میرے پاس اتنے الفاظ نہیں ہیں۔ لہٰذا میں ان تمام خوبیوں کو endorse کرتی ہوں اور آپ کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ جب بھی میں نے floor مانگا آپ نے دیا اور ایک چیز اور ہے جو میں mention کرنا چاہوں گی کہ جب میری بیٹی کی شادی تھی اور میں نے آپ کو مدعو کیا تھا تو آپ وہاں پہنچے اور آپ نے وہاں پر اپنی شفقت کا اظہار کیا۔ اس نے میرے دل میں بہت جگہ بنائی کیونکہ میں سمجھتی تھی کہ شاید آپ بڑی gathering میں یا بڑی پارٹیوں میں جاتے ہوں گے لیکن میں نے بہت اچھا feel کیا اور میرے دل میں اس نے جگہ کر لی کہ آپ نے مجھ جیسی ناچیز کو اتنی honour دی کہ آپ وہاں آئے۔ میں آپ کی بے حد مشکور ہوں اور اللہ تعالیٰ آپ کو زندگی میں بہت ساری کامیابیاں دے، زندگی دے، صحت دے اور اعلیٰ سے اعلیٰ مقام دے۔ انہی دعاؤں کے ساتھ آپ کا شکریہ۔

(Followed by T17)

T17 10March2015 Mazhar/Mubashir E.D 1:20 P.M

شیرالہ ملک۔ (جاری)۔۔۔ مجھے اس قابل سمجھا کہ میں یہاں پر آؤں۔ افسوس اس بات کا ہے کہ یہ term پوری ہو رہی ہے اور آپ سب لوگوں سے جدائی کا وقت ہے۔ میں آپ کے حوالے سے یہ بھی کہنا چاہوں گی کہ میرا جو چھ سال کا tenure تھا اس میں مجھے دو چیئرمین سینیٹ کے ساتھ کام

کرنے کا موقع ملا۔ یہ میری خوش نصیبی ہے کہ میں نے دونوں کے ساتھ کام کیا اور آپ لوگوں کی سربراہی ملی۔ آپ کے حوالے سے لوگوں نے جتنی خوبیاں بیان کی ہیں میرے خیال میں میرے پاس اتنے الفاظ نہیں تو میں ان سب خوبیوں کو endorse کرتی ہوں اور آپ کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ جب بھی میں نے floor مانگا آپ نے مجھے floor دیا۔ ایک چیز اور ہے جس کو میں mention کرنا چاہوں گی کہ جب میں نے بیٹی شادی کی اور میں نے آپ کو مدعو کیا تو آپ وہاں پر پہنچے اور آپ نے جس شفقت کا اظہار کیا اس نے میرے دل میں بہت جگہ بنائی۔ کیونکہ میں سمجھتی تھی کہ آپ بڑی gathering یا پھر بڑی پارٹیوں میں جاتے ہوں گے، مجھے بہت اچھا لگا اور میرے دل میں اس کے لیے بہت جگہ ہے کہ آپ نے مجھ جیسی ناچیز کو honour دیا اور آپ وہاں پر تشریف لائے، میں آپ کی بے حد مشکور ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو زندگی، صحت اور بہت ساری کامیابیاں عطا فرمائے، اعلیٰ سے اعلیٰ مقام دے۔ انہیں دعاؤں کے ساتھ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ ڈاکٹر سعیدہ اقبال صاحبہ۔

سینیٹر ڈاکٹر سعیدہ اقبال: جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ بہت سی باتیں تو ہو چکی ہیں میں سب سے پہلے تو اس بات کے لیے آپ کی شکر گزار ہوں کہ میں اس ایوان میں شاید وہ خاتون سینیٹر ہوں جو سیاست کے میدان میں آپ کی توسط سے آئی۔ یہاں آنے کے لیے بھی آپ ایک ذریعہ بنے تو اس حوالے سے بھی آپ میرے لیے محترم ہیں۔ اس ایوان میں جو میرے چھ سال گزرے اس میں دو چیئرمین، ہمارے تین Secretaries اور Leader of the Opposition and Leaders of the House اور دونوں ڈپٹی چیئرمین، سینیٹ سیکریٹریٹ کا سارا عملہ بالخصوص میری خواتین ساتھی اور جو Women Senators Services Center کا جو سٹاف ہے میں ان کی انتہائی مشکور ہوں کہ انہوں نے میرے ساتھ بہت تعاون کیا۔ فرح عاقل نے جو بات کی ہے اس نے میری بات آسان کر دی کہ میں آپ سب سے معذرت خواہ ہوں اگر کسی موقع پر آپ لوگوں سے کوئی گلہ شکوہ کیا ہو یا کوئی گستاخی کی ہو، اس کے لیے آپ سے معافی چاہتی ہوں اور آپ کے لیے دعا گو ہوں کہ اللہ آپ کو اور آپ کے خاندان کو صحت دے، کامیابیاں دے۔ اصل میں ہوتا یہ ہے کہ ایک discrimination ہوتی ہے اور ایک اور چیز ہوتی ہے جو .appear to be discrimination to us, in fact it is not اور اگر آپ کی غیر جانبداری کی آج بات ہو رہی تو I as a person and as a Senator and as worker of Peoples Party, I feel proud that a person who belongs to my constituency, who belongs to my party. You, Farooq Naik Sahib and Sabir Baloch Sahib are praised for your impartiality. We all are proud of you. Thank you.

جناب چیئرمین: مولا بخش صاحب آپ زیادہ time نہیں لیں گے۔ نہیں لیں، لیں۔

سینیٹر مولا بخش چانڈیو: چیئرمین! صاحب آپ کی بڑی مہربانی، جتنی آپ کے متعلق باتیں کی گئیں ہیں تو اب اس تھوڑے سے وقت میں اتنی باتیں تو نہیں کر پاؤں گا اور یہ میرے لیے بہت مشکل بھی ہے حالانکہ آج کے دن ہمیں کھلی چھوٹ ہونی چاہیے تھی کہ جو چاہیں اور جتنی دیر چاہیں بولیں۔۔۔

جناب چیئرمین: آپ کے کھانے کو دیر ہو رہی ہے مجھے اس بات کا احساس ہے۔

سینیٹر مولا بخش چانڈیو: جناب چیئرمین! کھانا پھر بھی کھا لیں گے اصل بات تو یہ ہے کہ آج کے دن یہاں آنا اور میں ابھی سیدھا ائیرپورٹ سے یہاں آیا ہوں۔ میرے لیے زندگی میں دو time بہت مشکل ہوتے ہیں۔ حالانکہ اللہ نے مجھے طاقت بھی دی ہے میں لکھنا بھی جانتا ہوں، میری کتابیں بھی ہیں لیکن میں آج تک کسی کی تعزیتی book پر تعزیتی پیغام کبھی نہیں لکھا۔ یہ میرے بس میں نہیں ہے کہ میں تعزیتی کتاب پر اپنے دوست یا اپنے بھائی کے لیے کچھ لکھوں، کبھی نہیں لکھ سکتا۔ بچپن سے میری عادت ہے۔ جب ہم ریلوے سٹیشن پر جاتے تھے تو میں لوگوں کو دیکھ کر روتا تھا، لوگوں کو الوداع کرتے ہوئے جا رہے ہیں دیکھ کر کہ وہ جا رہے ہیں۔ یہ گھڑی بہت مشکل ہے لیکن شعور جوان ہوا تو کراچی گھومنے کی عادت پڑی میں سمندر پر جاتا تھا۔ مشاہد اللہ خان صاحب! سمندر ہمیں بڑی چیزیں سکھاتا ہے۔ میں نے دیکھا کہ لہریں جاتی ہیں، پھر آتی ہیں پھر کنارہ چھو کر چلی جاتی ہیں۔ تو میں نے کہا کہ ملنے کا مزا دوبالا کرنے کے لیے کچھ وقت کے لیے بچھڑنا بھی بہت ضروری ہوتا ہے تاکہ جائیں اور دوبارہ آئیں۔ تو ہم جا رہے ہیں لیکن آپ سے جدا ہو کر نہیں جا رہے۔ اللہ رب العالمین کے بڑے احسان ہیں اور تمام حمد و ثنا اس کی ہے۔ میں شکر گزار ہوں اپنی پارٹی قیادت کا کہ مجھے یہ موقع ملا۔ میں لفظاً مزدور کا بیٹا نہیں ہوں عملاً مزدور کا بیٹا ہوں۔ انتہائی غریب گھر کا بیٹا ہوں، میرے تصور میں بھی نہیں تھا کہ کبھی یہاں بیٹھوں گا۔ ہاں میں نے یہ سوچا کہ کبھی ڈسٹرکٹ کونسل کا ممبر بنوں گا۔ میں شکر گزار ہوں اللہ تعالیٰ کا، اپنی قیادت کا، زرداری صاحب کا۔ جن جن لوگوں کے میں نے سیاست میں نام سنے تھے ان کے ساتھ سینیٹ اور قومی اسمبلی میں بیٹھنے کا موقع فراہم کیا، میں ان کا شکر گزار ہوں۔ جنہیں میں دور سے دیکھتا تھا۔ میں نے جلسے میں دیکھا اور میں آج معافی مانگتا ہوں کہ دو پل کے لیے میاں صاحب کے جلسے میں، میاں صاحب نہیں تھے کیونکہ گرفتار تھے تو مشاہد اللہ خان حیدرآباد آئے تھے تو شہروں میں تقریر کر رہے تھے، تجسس تھا۔ اتنے ہو گئے کہ سفر بھی کیا، انہوں نے وہ مذاق کیے جو ساری عمر میں وہ الفاظ ان کے سامنے بول نہیں پاؤں گا جو دل میں ان کے لیے کہتا رہا ہوں۔ مجھے موقع ملا، اللہ نے یہاں مجھ پر بڑا کرم کیا۔ میں یہاں

باتیں تو اپنی کرنا چاہتا ہوں لیکن اس موقع پر کوئی خاص بات۔۔۔ہاں! اعتزاز صاحب آ گئے۔اعتزاز صاحب کو ہم باتوں میں سنتے تھے اور میں اکثر ان کا شعر پڑھتا ہوں۔

اعتزاز یہ بستی سائے کو ترستی ہے

سارے گھر شیشے کے سائبان شیشے کا

میں باتیں اپنی کرنا چاہتا ہوں لیکن میں اپنی باتوں کو کاٹتا ہوں کہ بہر حال میں بھی انسان ہوں۔ میں نے جن کے ساتھ چند پل گزارے ہیں ان کے ساتھ جدائی کی بات کر کے میں بھی جذباتی ہو رہا ہوں لیکن میں ایک بات کرنا چاہتا ہوں اور وہ میری ذمہ داری ہے۔ جہاں آپ کو دعائیں دینا چاہتا ہوں آپ کی تعریف کرنا چاہتا ہوں، میں کیا تعریف کروں۔ مارشل لاء کے زمانے میں یہ جو مارکیٹ توڑ دی گئی ہیں یہاں بیٹھ کر جو ہم نے آپ کے ساتھ برساتوں میں کچہریاں کیں ہیں، گلگت اور ہنزہ گئے ہیں اور جو وہاں ہم نے دیکھا ہے، میں وہ کہاں بھول سکتا ہوں اور اب بہت ساری باتیں ہیں ہمارا اور آپ کا ساتھ انشااللہ پوری زندگی رہے گا۔ خدا آپ کو تندرستی اور زندگی دے۔ میں دو اور باتیں کرنا چاہتا ہوں اور وہ اس floor پر کرنا چاہتا ہوں، آنے والے ممبروں کے لیے بھی اور جہاں میری آواز جائے ان کے لیے بھی ضرور کہنا چاہتا ہوں کہ اس سینیٹ کی عزت بڑھانی چاہیے، اس کو مذاق نہیں بنانا چاہیے۔ میں نے چھ سال میں بہت تھوڑے موقعوں پر اس کو کام کی چیز سمجھا زیادہ عرصہ میں نے اس کو مذاق کرتے دیکھا۔ جو طاقت ور تھے وہ مذاق کرتے رہے۔ جو ہم جیسے سیاسی کارکن آئے وہ سمجھے کہ اس ایوان کا تقدس ہے لیکن جو بڑے تھے ان کے سامنے یہ ایوان پودا ثابت ہوا۔ خدا کے واسطے سینیٹ پاکستان کی علامت ہے، سینیٹ وفاق پاکستان کی علامت ہے۔ اس کو وفاق پاکستان کا نمونہ بنائیں۔ یہاں قوموں کی آواز ہے، قوموں کی آواز کو نہ دبائیں۔ قوموں کے حقوق سے انکار کرنا پاکستان کے لیے خطرناک ہو گا۔ خطرناک ہو گا ان کی رائے سے اختلاف کرنا، خطرناک ہو گا ان کی حکومت اور عوام کی منتخب کی ہوئی حکومت کو اقلیتوں میں تبدیل کر کے اپنی حکومتوں کو تھونپا جائے گا تو یہ خطرناک ہو گا۔ میں معافی مانگتا ہوں میں بہت اہم بات کر رہا ہوں۔ آپ کی تعریف کا اور میں نے اپنی باتیں بھی نہیں کرتا ہوں لیکن سینیٹ میں یہ بات نہیں کروں گا تو کہاں کروں گا۔ ابھی میں جا رہا ہوں اب میں یہ باتیں یہاں پر نہیں کر سکوں گا۔ پھر جب کبھی خدا نے موقع دیا پھر آواز اٹھاؤں گا۔ یہ قوموں کا ادارہ ہے۔ یہاں پر قوموں کے حقوق سے انکار نہ کرو۔ آپ طاقت کے گھمنڈ میں آ کر کرو گے تو پاکستان کو نقصان پہنچے گا۔ جناب چیئر مین! یہ بات کرنا ضروری ہے جہاں میں شکریہ ادا کرتا ہوں وزیر اعظم صاحب کو ایک ہی بار ملا ہوں لیکن ایک ہی بار جو انہوں نے جو پیار دیا ہے میں اس کے لیے ان کا شکر گزار ہوں۔ اور میں ان کو ہمیشہ یاد رکھوں گا جو انہوں جملے مجھے کہے لیکن ان کو کہہ رہا ہوں کہ آپ پر ذمہ داری ہے آپ پنجاب کے نمائندے ہیں، آپ پر ذمہ داری ہے

پاکستان کو بچانے کی۔ ہم نے اپنی حصے کی قربانیاں دے دیں ہیں، بلوچوں نے اپنے حصے کی قربانیاں دے دی ہیں، پختونوں نے اپنے حصے کی قربانیاں دے دی ہیں اب آپ نے اس ملک کو بچانا ہے۔ اگر آپ قوموں کا احترام نہیں کریں گے، آپ اگر قوموں کے نمائندوں کو رسوا کریں گے۔ اپنے ہاتھی جیسے دوستوں کو منع نہیں کریں گے تو اس ادارے کا استحقاق مجروح ہو گا۔ اب بھی کوئی چھوٹے صوبوں کی نمائیندگی نہیں ہے۔ اب بھی ان کی یہاں پر آواز نہیں ہے۔ جناب چیئرمین! خدا کے واسطے پاکستان بچنا چاہیے۔ پاکستان کے لوگوں نے بڑی قربانیاں دی ہیں۔ میں دو مطالبے کر کے بات ختم کرتا ہوں۔ وفاق پاکستان میں جہاں سینیٹ ہے اس کا طاقتور ادارہ بننا چاہیے اس کی کاروائیوں کو مذاق میں نہیں لینا چاہیے۔ اس کا نہ ہی بجٹ میں حصہ ہے اور نہ ہی پالیسیوں میں حصہ ہے۔ خالی تقریریں کر کے چلے جائیں گے تو اس سے کچھ بھی نہیں ہو گا۔ دوسرے جو صوبے کہتے ہیں، کہ صوبوں کے وسائل پر قوموں کا حق ہے، قوموں کے وسائل سے چھیڑ خانی کریں گے تو قومیں بے چین ہو جائیں گی، قومیں بے چین ہو جائیں گی تو وفاق کو نقصان پہنچے گا۔ اور ہمیشہ کی طرح آپ نے آخری بار ڈانٹا ہے چھ سال میں پہلی بار آج میں ڈانٹنے کا موقع نہیں دے رہا ہوں۔

جناب چیئرمین: میں نے کبھی نہیں ڈانٹا، کل بھی موقع ہے کل بھی session ہو گا۔ انشااللہ کل بھی بات کریں گے کیونکہ ڈیڑھ بج گیا ہے اور آپ کو پتہ ہے کہ Leader of Opposition نے کھانے دیا ہے۔ جی اسلام الدین شیخ صاحب۔

سینیٹر اسلام الدین شیخ: بہت بہت شکریہ، جناب چیئرمین! جس طریقے سے آپ کا اس House کو چلانے کا conduct رہا اور ایک پارٹی کے رکن ہوتے ہوئے آپ نے اس ایوان کو اس طرح سے چلایا ہے کہ کسی نے آج جب میں تقریریں سن رہا تھا تو میرا تقریر کرنے کا کوئی ارادہ نہیں تھا لیکن میں نے یہ دیکھا کہ میں تین دفعہ سینیٹ کا رکن منتخب ہو چکا ہوں اور اب الحمدوللہ چوتھی مرتبہ حلف اٹھائں گا۔ جاری۔۔۔۔۔۔ T-18

T18-10Mar15ZAFAR/Ed.Altaf 1.40 PM

اسلام الدین شیخ۔۔۔ میں تین مرتبہ سینیٹ کا رکن رہ ہو چکا ہوں اور الحمد للہ اب چوتھی بار سینیٹر کا حلف اٹھاؤں گا۔ جیسا کہ میں نے کہا میں تین مرتبہ پہلے بھی سینیٹر رہ چکا ہوں، میں نے بہت سے چیئرمینوں کا conduct بھی دیکھا لیکن آج جس انداز سے آپ کی تعریف کی گئی، یہ ایسی تعریف نہیں ہے کہ جو آپ کے منہ پر کی جارہی ہے۔ آپ کے conduct اور House کو چلانے کی بات ہی نہیں بلکہ میں دیکھ رہا ہوں کہ اپوزیشن کے ارکان آپ سے بہت زیادہ متاثر ہیں اور انہوں نے آپ کی تعریف بھی کی ہے۔ وہ اس وجہ سے ہے کہ آپ اس House کے custodian تھے، جب آپ اس Chair پر بیٹھے تو خدا کو سامنے رکھتے ہوئے وہ حقوق ادا کیے جس کے لیے میں سمجھتا ہوں کہ آپ قابل فخر اور

قابل تحسین ہیں۔ میں ان الفاظ کے ساتھ آپ کے انداز، آپ کے طریقہ کار کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور انشاء اللہ آپ ہم سے دور نہیں رہیں گے، جلد ہی اللہ نے چاہا تو کسی بڑے منصب پر ہوں گے اور ہم آپ کے worker ہوں گے۔ شکریہ۔

Mr. Chairman: Rehman Malik sahib, only two minutes.

سینیٹر اے رحمٰن ملک: شکریہ۔ جناب چیئرمین! آپ ہمیشہ ہی مجھے دو منٹ دیتے ہیں۔ ساری باتیں ہوئی، بڑی اچھی اچھی باتیں ہوئیں اور لوگوں نے تین سال کے tenure کو بہت اچھی طرح سے sum up کیا۔ میں کل ایک resolution move کرنا چاہوں گا جس میں اس پوری چیز کو consolidate کر کے آپ کی اور اس ایوان کی تین سال کی کارکردگی کو writing form میں لایا جائے تاکہ وہ ہمیشہ اس ایوان کا حصہ رہے اور reference کے طور پر استعمال ہو۔ اس لیے میں کل resolution لاؤں گا۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ شاہی سید صاحب۔

سینیٹر شاہی سید: شکریہ۔ جناب چیئرمین! آج تمام senators وہ retire ہونے والے ہوں یا دوسرے ہوں، انہوں نے دل کی گہرائیوں سے آپ کی خدمات کے لیے جتنے بھی الفاظ ادا کیے، میں اکیلا ان کو دس سے ضرب دے کر آپ کو پیش کرتا ہوں تاکہ وقت بچ جائے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ مشاہد اللہ خان صاحب۔

سینیٹر مشاہد اللہ خان :اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ محترم چیئرمین صاحب! یہ زندگی کی حقیقت ہے کہ ہجر اور وصال کے لمحات ہمیشہ آتے جاتے رہتے ہیں اور بیگم ثریا امیر الدین نے رخصتی کی بات کی تو حبیب جالب نے اپنی بیٹی کی جو رخصتی لکھی تھی، مجھے وہ یاد آ گئی۔ وہ یہ تھی؛

تُو کلی نُزہتوں نکہتوں میں پَلی　　چھوڑ کر شہرِ گل سُوئے صحرا چلی
وہ سلگتا دیا، تو سحر کی کرن　　سوچتا ہوں یہی کیسے بہلے گا من
دھڑکنوں کو سکوں کیسے بخشے گا من　　لوگ تجھ کو کہیں گے نصیبوں جلی
تُو کلی نُزہتوں نکہتوں میں پلی

تو جہاں سے گزرتی تھی شام و سحر　　اب کہاں کہکشاں وہ حسیں رہگزر
شامِ غم چھائی ہے دیکھتا ہوں جدھر　　کتنی ویران ہے آج تیری گلی

تُو کلی نُزہتوں نکہتوں میں پلی

میں صرف یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ نیر بخاری صاحب اور میرا تعلق کالج کے زمانے کا ہے۔ ہم گارڈن کالج میں left and right کی سیاست کرتے تھے۔ ہم بھی اپنی جگہ پر کھڑے رہے اور نیر بخاری صاحب بھی کبھی ٹس سے مس نہیں ہوئے۔ ہم وہاں پر ladies garden کے ارد گرد بھی منڈلایا کرتے تھے، ہماری بہت سی یادیں اپنی جگہ پر موجود ہیں۔آپ نے جو کردار ادا کیا ہے، اس پر لوگوں نے بہت سی باتیں کیں، درست اور سچ کیں اور شاید اس سے بھی زیادہ کی جا سکتی ہیں۔ میں صرف یہ کہنا چاہتا ہوں کہ آپ جس seat پر بیٹھے ہوئے ہیں، یہ اس لحاظ سے مشکل seat ہے کہ یہاں پر اپنی سیاسی وفاداریوں سے بالاتر ہو کر انصاف کرنا پڑتا ہے اور انصاف کرنا دنیا کا سب سے مشکل کام ہے۔انسان جب انصاف کرتا ہے تو کبھی کبھی اس کی قیمت بھی ادا کرنی پڑتی ہے اور مجھے یہ لگتا ہے کہ آپ کو بھی کہیں نہ کہیں، کوئی نہ کوئی قیمت ضرور ادا کرنی پڑی ہے۔تاریخ میں جن لوگوں کا نام لکھا جاتا ہے، وہ ہمیشہ ارد گرد رہتے ہیں اور وہ کبھی نظروں سے اوجھل نہیں ہوتے۔ میں بات یہاں پر ختم کروں گا؛

چراغ بزم تمنا بجھا نہیں سکتا          تمام عمر میں تم کو بھلا نہیں سکتا

تیرے خیال میں اک سادگی برستی ہے          تیرے خیال میں پیوستہ کیف و مستی ہے

تیرے خیال سے آباد دل کی بستی ہے          میں بھول کر یہ قیامت اٹھا نہیں سکتا

تمام عمر میں تم کو بھلا نہیں سکتا

وما علینا الا البلاغ۔

## Concluding Remarks of the Honourable Chairman

جناب چیئرمین: بہت شکریہ۔اس سے قبل کہ میں اپنی بات کا آغاز کروں

I would like to announce one thing for the employees of the Senate Secretariat and the other departments also. In recognition of the services and support to the House, I announce honorarium equal to one month’s salary to all employees of the Senate and allied agencies, departments including PTV and APP.

(ڈیسک بجائے گئے)

شکریہ۔ میں جناب محترم قائد ایوان، قائد حزب اختلاف، پارلیمانی قائدین، سینیٹ کے تمام ممبران اور وفاقی وزراء کا بھی بے حد شکر گزار ہوں۔آج مظفر حسین شاہ صاحب نے آغاز کیا یہ بات ان کے علم میں تھی اور میرے بھی علم میں آئی کہ صدر صاحب کل بیرون ملک جارہے ہیں تو شاید کل میں House preside نہ کر سکوں۔ میرے بارے میں بہت سے احباب نے اظہار خیال، میرے کردار conduct اور اس ایوان کو چلانے کے حوالے سے بھی بات کی تو میں ان کا شکر گزار ہوں۔بنیادی طور پر میں ایک political worker تھا، ہوں اور انشاء اللہ آئندہ بھی رہوں گا۔ میری وابستگی اپنی political party سے تھی اور مشاہد اللہ صاحب نے ٹھیک کہا کہ 1968, 1969 میں ہم دونوں گارڈن کالج میں اکٹھے تھے۔ جس جانب یہ تھے، اُدھر میں نہیں جاتا تھا اور جس جانب میں تھا، اُدھر یہ نہیں آتے تھے تو آج بھی ہم اپنے اپنے مقام پر کھڑے ہیں۔ مجھے اس بات پر فخر بھی ہے کہ میں نے جس politics کا آغاز college days میں کیا، it is more than 40 years آج بھی انہی نظریات پر قائم ہوں اور اسی جماعت سے منسلک ہوں، مجھے اس پر فخر ہے۔

(ڈیسک بجائے گئے)

میں تمام سینیٹر صاحبان کا شکر گزار ہوں کہ جب بطور چیئرمین میرا انتخاب ہوا تو I was unopposed Chairman. مجھ پر تمام جماعتوں اور independents نے بھی اعتماد کا اظہار کیا اور میرے دل میں یہ خواہش تھی کہ یہ تین سال جب میں چیئرمین رہوں گا تو چونکہ مجھے بلا تفریق منتخب کیا گیا ہے، اس لیے میرا رویہ، approach and conduct تمام ممبران کے ساتھ بلا تفریق یکساں ہو اور میں نے اس کو یکساں رکھنے کی کوشش بھی کی۔ میری کوشش رہی کہ اس House کی dignity and sovereignty پر compromise نہ کروں۔اس بات کے وزراء گواہ ہیں اور اپوزیشن کو بھی علم ہے کہ بات ادارے کی تھی، شخصیات کی نہیں تھی۔ میری یہ کوشش رہی، میں اس میں کتنا کامیاب رہا اور کتنا کامیاب نہیں رہا، اس پر آپ ممبر صاحبان ہی اظہار خیال کر سکتے ہیں لیکن institutions strengthen کرنا ہم تمام کی ذمہ داری ہے۔۔۔۔جاری۔۔۔

T19-10MARCH 2015..............FANI\ED(Zafar Iqbal).......1.40PM

جناب چیئرمین (جاری)

میری کوشش رہی کہ اس House کی dignity and sovereignty پر compromise نہ کروں۔ اس بات کے وزراء بھی گواہ ہیں، اپوزیشن کو بھی علم ہے کہ بات ادارے کی تھی، شخصیات کی نہیں تھی اور میری یہ کوشش رہی اور اس میں، میں کتنا کامیاب رہا یا کتنا

کامیاب نہیں رہا اس پر آپ ممبر صاحبان ہی اظہار خیال کر سکتے ہیں لیکن institutions کو strengthen کرنا تمام ارکان کی ذمہ داری ہے جہاں پر حکومت بھی ہوتی ہے اور اپوزیشن بھی ہوتی ہے لیکن Chair کا یہ کبھی بھی منصب نہیں ہوتا کہ ہم اداروں کو چلنے نہ دیں۔ نظریات اپنی جگہ، جماعتی وابستگی اپنی جگہ، سیاست اپنی جگہ لیکن آپ نے اور میں نے اس democratic process کی continuity میں اپنا ایک role ادا کرنا ہے اور ماشاء اللہ آج جو پارلیمنٹ معرض وجود میں ہے، قابل تحسین ہے کہ political crisis آئے بھی اور political crisis کو اس پارلیمنٹ نے overcome کیا۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ عوام کے مسائل جتنے بہتر طریقے سے ان کے منتخب نمائندے حل کر سکتے ہیں یا جتنا بہتر احساس ان کو ہو سکتا ہے باقی جگہوں پر بیٹھے ہوئے لوگوں کو یہ احساس قطعاً نہیں ہوتا۔ اس لیے نہیں ہوتا کہ باقی اداروں میں جو لوگ بیٹھے ہیں وہ ان کو جوابدہ نہیں۔ یہ پارلیمنٹ ہے جس کے نمائندے ان کو جوابدہ ہیں اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ سب سے بڑا accountability کا جو ادارہ ہے وہ پاکستان کے عوام الناس ہیں۔ پاکستان کے عوام الناس سے یہ حق قطعاً نہیں چھننا چاہیے کہ انتخابی عمل میں سیاسی پارٹیوں کو پیش ہونا پڑے، individuals کو پیش ہونا پڑے اور عوام کو یہ حق ہے کہ وہ ان کی performance کو judge کر سکیں، ان کے پروگرام کو judge کر سکیں اور ان کے conduct کو judge کر سکیں اور پھر وہ فیصلہ کریں کہ ہم نے اپنی رائے کا حق کس کے حق میں استعمال کرنا ہے۔ اگر یہ process continue رہے گا تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ reforms بھی آئیں گی اور چیزیں refined بھی ہوں گی۔ اگر آپ یکمشت یہ سمجھیں کہ ایک tenure میں یا دوسرے tenure میں بہت ساری reforms آ جائیں گی، یہ چیزیں refine ہو جائیں گی تو میں سمجھتا ہوں کہ political history and democratic history دنیا کے جتنے ملکوں میں بھی ہے آپ اس پر نظر دوڑالیں تو پہلے سال میں یا پہلے پانچ سالوں میں یہ چیزیں نہیں آئیں۔ اگر آپ برطانیہ کی بات کرتے ہیں تو ایک ہزار سال کی history ہے، اگر امریکہ کی بات کرتے ہیں تو دو سو سال سے زیادہ democratic process کی history ہے۔ اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ ہماری بدقسمتی رہی کہ ہمارے ملک میں process کا continuity نہیں رہا۔ ہماری بطور سیاسی ورکر، سیاسی جماعت سے وابستگی کے حوالے سے یہ کوشش ہونی چاہیے کہ یہ system, that process continue رہے عوام کو یہ حق ملے کہ political parties ان کی عدالت، ان کے کٹہرے میں جا سکیں تو اسی میں پاکستان کی بقاء بھی ہے اور بہتری بھی ہے۔ اس کے علاوہ میں سمجھتا ہوں کہ ہم نے کچھ important measures بھی لیے۔ میں شکر گزار ہوں کہ ان measures کو appreciate بھی کیا گیا کہ Asian Parliamentary Assembly کو ہم اسلام آباد لے کے بھی آئے۔ Asian Parliamentary Assembly کا ایک provisional headquarter بھی اسلام آباد میں بنایا اور جہاں یہ کہا جاتا تھا اور پاکستان کے بارے میں ایک perception create تھا کہ لوگ آنے کو تیار نہیں ہیں تو لگ بھگ اڑھائی سو

initiative میں سمجھتا ہوں کہ یہ 2013 میں اور 2014 میں بھی تشریف لائے۔ Parliamentarians Asia سے تشریف لائے۔

سینیٹ نے لیا۔ میری ذات نے نہیں لیا بلکہ collectively Senate of Pakistan نے لیا اور پھر میں یہ ایک بڑی

achievement سمجھتا ہوں کہ جو concept پاکستان نے دیا ہے Asian Parliament کا، اس کا 7th plannery

session جو لاہور میں ہوا اس کو adopt کیا گیا اور اس کے لیے ہم نے ایک special committee constitute کی، اس کا

ہیڈ کوارٹر بھی اسلام آباد میں ہے اور بہت سارے ملکوں نے اپنی خواہش کا اظہار کیا کہ ہم اس کمیٹی کے ممبر بننا چاہتے ہیں۔ میں یہ بھی عرض کر دینا

چاہتا ہوں کہ ان سارے events کے لیے ہم نے حکومت سے کوئی supplementary grant نہیں مانگی۔ میں تین سال تک چیئرمین

رہا اور ریکارڈ گواہ ہے کہ ہم نے پیسے سرنڈر بھی کیے۔ ہم نے savings کیں اور اس savings کا benefit عوام الناس کو جاتا ہے۔ میں

سیکرٹریٹ، ہمارے officials اور سینیٹر صاحبان اور ان کی لیڈرشپ کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے ہمیشہ میرے ساتھ تعاون کیا باوجود اس کے کہ

کئی دفعہ شاید ان کے دل کی بات یا ان کی آرزو کے مطابق میں نہ چل سکا تو میں ان سے گزارش کروں گا کہ میں نے Rules, Constitution

کو سامنے رکھا اور جب ہم Rules and Constitution پر عمل کرتے رہیں گے تو ہمیں دشواریاں نہیں آئیں گی چاہے وہ ہم سینیٹر ہوں

چاہے قومی اسمبلی کے رکن، چاہے دیگر ادارے ہوں ہمارے لیے مقدس بات اور جو اہمیت کی بات ہے یہ ہے کہ جو آئین اس ملک کو اس ملک کی سیاسی

قیادت نے 1973 میں دیا اس کے دفاع کی آپ بھی قسم کھاتے ہیں، آپ بھی حلف لیتے ہیں، ہم بھی حلف لیتے ہیں، باقی ادارے بھی لیتے ہیں لیکن

بطور سیاسی ورکر کے as a politician میں سمجھتا ہوں کہ زیادہ ذمہ داری ہم پر آتی ہے کہ ہم اس آئین کا دفاع بھی کریں اور اس

کی implementation پر بھی ہمیں اپنی کوشش کرنی چاہیے۔

میں ایک اور بات عرض کرنا چاہوں گا کیونکہ اب نئے سینیٹرز بھی آ گئے ہیں تو ان کو مبارکباد دیتا ہوں اور جو ہمارے ساتھی ریٹائرڈ ہوئے تھے اور دوبارہ منتخب ہوئے ہیں ان کو بھی مبارکباد دیتا ہوں اور بالخصوص جو ساتھی ہمارے ساتھ کل کے اجلاس کے بعد اس ایوان میں نہیں آئیں گے ان کے لیے دعا گو ہوں، جیسے انہوں نے میرے لیے دعا کی، میں بھی ان کے لیے دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان کو خوش و خرم رکھے اور ان کو خوشیاں نصیب ہوں اور ان کی جو باقی ماندہ سیاسی زندگی ہے اس میں ان کو اللہ تعالیٰ کامیابی اور ترقی عطا فرمائے۔ بہت مہربانی، بہت نوازش۔

(ڈیسک بجائے گئے)

جناب چیئرمین: جی۔

سینیٹر چوہدری اعتزاز احسن: ابھی تصویر بھی بنی ہے اس کا بھی اعلان کر دیں۔

Mr. Chairman: Before we leave for lunch which is being hosted by Leader of the Opposition today and in front of the Parliament Building

ایک گروپ فوٹو ہو گی، آج اس لیے رکھا ہے کہ we hope that the same could be delivered to the honourable members tomorrow who are retiring. اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ ابھی آپ وہاں تشریف لے جائیں۔

Mr. Chairman: The House stands adjourned to meet again on 11th March, 2015 at 10.30 a.m.

……………………

*[The House was than adjourned to meet again on Wednesday, the 11th March, 2015 at 10.30 a.m.]*

……………………

# *Index*


Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi ..................................... 4, 5, 6, 28
Senator Farhatullah Babar ..................................... 8, 14, 15, 16, 37
Senator Haji Mohammad Adeel ..................................... 8, 10
Senator Malik Muhammad Rafique Rajwana ..................................... 20
Senator Mian Raza Rabbani ..................................... 23
Senator Mushahid Hussain Sayed ..................................... 33
Senator Mushahidullah Khan ..................................... 11
Senator Raja Muhammad Zafar-ul-Haq ..................................... 2, 14, 15
Senator Saeed Ghani ..................................... 11
Senator Saeeda Iqbal ..................................... 7
Senator Sehar Kamran ..................................... 50
Senator Shahi Syed ..................................... 6, 7
Senator Syed Muzaffar Hussain Shah ..................................... 10, 22
سینیٹر احمد حسن ..................................... 50
سینیٹر اسلام الدین شیخ ..................................... 56
سینیٹر اعتزاز احسن ..................................... 17
سینیٹر افراسیاب خٹک ..................................... 26
رحمٰن ملک سینیٹر اے ..................................... 57
سینیٹر بیگم نجمہ حمید ..................................... 49
سینیٹر ثریا امیرالدین ..................................... 51
سینیٹر چوہدری اعتزاز احسن ..................................... 22, 62
سینیٹر چوہدری شجاعت حسین ..................................... 27
سینیٹر چوہدری محمد جعفر اقبال ..................................... 38
سینیٹر حاجی محمد عدیل ..................................... 3, 9, 21, 22, 44
سینیٹر حمزہ ..................................... 47
سینیٹر ڈاکٹر سعیدہ اقبال ..................................... 53
سینیٹر ڈاکٹر عبدالقیوم سومرو ..................................... 31
سینیٹر راجہ محمد ظفر الحق ..................................... 25
سینیٹر روبینہ عرفان ..................................... 49
الحسن مندوخیل سینیٹر سعید ..................................... 47
سینیٹر سعید غنی ..................................... 12, 19
سینیٹر سید ظفر علی شاہ ..................................... 40, 41
سید سینیٹر شاہی ..................................... 57
سینیٹر شیرالہ ملک ..................................... 52
سینیٹر ظفراللہ خان ..................................... 46
سینیٹر فرح عاقل ..................................... 36
بابر سینیٹر فرحت اللہ ..................................... 19
سینیٹر محمد زاہد خان ..................................... 35
سینیٹر محمد صالح شاہ ..................................... 48

سینیٹر محمد ظفراللہ خان ........................................ 46
سینیٹر محمد محسن خان لغاری ........................................ 36
سینیٹر مشاہد اللہ خان ........................................ 57
سینیٹر ملک نجم الحسن ........................................ 8
سینیٹر مولا بخش چانڈیو ........................................ 54
سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری ........................................ 40
سینیٹر نثار محمد ........................................ 45
سینیٹر نزہت صادق ........................................ 48
سینیٹر ملک محمد رفیق رجوانہ ........................................ 29
شیخ آفتاب احمد ........................................ 43